آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز پیر 07 ستمبر 2020ء بمطابق 18 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 242

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

حکومت آئی پی پیز کے معاہدوں کو ریویوز کرنا چاہتی ہے

شاہ محمود قریشی

عوامی پریشانی کے مسائل وقت کیساتھ بہتر ہونگے اور حل ہونگے، سہولتوں کی فراہمی اور عوام کو ریلیف دینے کا وقت آن پہنچا ہے، نواز دور میں پیٹرول 110 روپے تھا، اس وقت 105 روپے لیٹر

آئی پی پیز سے نئے معاہدوں سے بجلی کے نرخ میں کمی آئے گی، سابق حکومت نے بجلی کی کمی کو دور کرنے کیلئے نئے پاور پلانٹ لگائے اور آئی پی پیز سے معاہدے اتنے مہنگے کئے تھے کہ بجلی کے نرخ بڑھے

غلط منصوبہ بندی کی بدولت زرعی نقصان بھی ہوا اور بجلی کے نرخ بھی بڑھے، عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈالا گیا، سولر انرجی پراجیکٹس پر بھی کام ہو رہا ہے، جب سولر ونڈ اور ہائیڈرل پاور پراجیکٹ ساتھ آئیں گے تو بجلی سستی ہوگی، وزیر خارجہ کا خطاب

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ سہولتوں کی فراہمی اور عوام کو ریلیف دینے کا وقت آن پہنچا ہے، حکومت آئی پی پیز کے معاہدوں کو ریوائز کرنا چاہتی ہے، آئی پی پیز سے نئے معاہدوں سے بجلی کے نرخ میں کمی آئے گی، سابق حکومت نے بجلی کی کمی کو دور کرنے کیلئے نئے پاور پلانٹ لگائے اور آئی پی پیز سے معاہدے اتنے مہنگے کئے تھے کہ بجلی کے نرخ بڑھے، غلط منصوبہ بندی کی بدولت زرعی نقصان بھی ہوا اور بجلی کے نرخ بھی بڑھے، عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈالا گیا، سولر انرجی پراجیکٹس پر بھی کام ہو رہا ہے، جب سولر ونڈ اور ہائیڈرل پاور پراجیکٹ ساتھ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ 6 ستمبر کے حوالے جی ایچ کیو میں مرکزی تقریب سے خطاب

اگر ہم پر جنگ تھوپی گئی تو اینٹ کا جواب پتھر سے دینگے

آرمی چیف

بے شمار قربانیوں کی بدولت آج کا پاکستان ایک پرامن پاکستان ہے، ہم نے امن کو خوشحالی اور ترقی میں تبدیل کرنا ہے، بحیثیت قوم ہمیں جدوجہد کرنا ہوگی، اتحاد، ایمان اور تنظیم کے اصولوں کو اپنانا ہوگا اور اپنے قائد کے فرمان کام، کام اور بس کام کو اپنانا ہوگا

افواج پاکستان نے اقوام متحدہ کی امن فوج کا حصہ بن کر دنیا کے مختلف علاقوں میں قیام امن کیلئے بہت سی قربانیاں دی ہیں جس کی دنیا معترف ہے، افغانستان میں قیام امن کی کوششوں میں پاکستان کا کلیدی کردار اس کا منہ بولتا ثبوت ہے

کوئی شک نہیں کہ جموں و کشمیر بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ مسئلہ ہے، ہم کسی بھی یکطرفہ فیصلے کو تسلیم نہیں کرتے، ہمیں نہ تو نئے حاصل شدہ اسلحے کے انبار سے مرعوب کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی ہم پر کوئی دھمکی اثر انداز ہو سکتی ہے، جنرل قمر جاوید باجوہ کا جی ایچ کیو میں مرکزی تقریب سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے، اگر ہم پر جنگ تھوپی گئی تو ہم اینٹ کا جواب پتھر سے دینگے، جس کا مظاہرہ ہم نے بالاکوٹ کے ناکام حملے کے جواب میں دیا، اس لیے دشمن کو کوئی شک نہ ہو، بے شمار قربانیوں کی بدولت، الحمدللہ آج کا پاکستان ایک پرامن پاکستان ہے، اب ہم نے امن کو خوشحالی اور ترقی میں تبدیل کرنا ہے، بحیثیت قوم ہمیں اس کے لئے جدوجہد کرنا ہوگی، اتحاد، ایمان اور تنظیم کے اصولوں کو اپنانا ہوگا اور اپنے قائد کے فرمان کام، کام اور بس کام کو اپنانا ہوگا، افواج پاکستان نے اقوام متحدہ کی امن فوج کا حصہ بن کر دنیا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

ملک کا دفاع جتنا مضبوط ہو قوم اتنی ہی مضبوط اور فخر محسوس کرتی ہے، ضیاء لانگو

یوم دفاع پاکستان قوم میں جہاں ایک نئی امنگ پیدا کرتا ہے وہیں ملک کا دفاع جتنا مضبوط ہو قوم بھی اتنی ہی مضبوط اور فخر محسوس کرتی ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (ن ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے 6 ستمبر کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ یوم دفاع پاکستان ہمارے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے جو ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کس طرح افواج پاکستان نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملاتے ہوئے پاک وطن

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

آرمی چیف نے پاک فوج کے افسران، جوانوں کو اعزازات سے نوازا

24 افسران اور جوانوں کو تمغہ بسالت اور ایک جوان کو اقوام متحدہ (یو این) میڈل دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے پاک فوج کے افسران، جوانوں کو اعزازات سے نوازا۔ اتوار کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے جاری بیان کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ راولپنڈی میں جنرلز ہیڈ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کوئٹہ بلوچستان عوامی پارٹی کے سردار عبدالرحمن کھیتران نور محمد دمڑ و دیگر کا ہزارہ ڈیموکریٹک کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ سے سینیٹ انتخابات میں حمایت کے حوالے سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

قلعہ عبداللہ لرزہ خیز واقعہ مسلح ملزمان نے ایک بھائی کو قتل جبکہ دوسرے کو اغواء کے بعد قتل کر دیا گیا

قلعہ عبداللہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں قتل کا لرزہ خیز واقعہ مسلح ملزمان نے ایک بھائی کو قتل جبکہ دوسرے کو اغواء کے بعد قتل کر دیا گیا لیویز حکام کے مطابق بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے منگوئی میں مسلح افراد نے احمد جان کو قتل کر دیا جبکہ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے رہنما عبدالمنان کو

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ملتان وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

استحکام پاکستان ہماری اولین ترجیح ہے، سینیٹر کامران مائیکل

پاکستان کی اقلیتیں وطن عزیز کے خلاف سازشیں کرنے والوں کے مذموم عزائم خاک میں ملانے کی جدوجہد کا بھرپور حصہ اور پائیدار قیام امن کی داعی ہیں

مسیحی برادری ارض وطن کے دفاع کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کرنے کا جذبہ رکھتی ہے سابق وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

شیخوپورہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر سینیٹر کامران مائیکل نے کہا ہے کہ مسیحی برادری ارض وطن کے دفاع کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کرنے کا جذبہ رکھتی ہے استحکام پاکستان ہماری اولین ترجیح ہے پاکستان کی اقلیتیں وطن عزیز کے خلاف سازشیں کرنے والوں کے مذموم عزائم خاک میں ملانے کی جدوجہد کا بھرپور حصہ اور پائیدار قیام امن کی داعی ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیارت مقدسہ مریم کی تقریبات میں شرکت کیلئے مسیحی رہنماؤں کے وفد کے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

پاکستان کو کسی صورت بلیک لسٹ نہیں ہونے دیں گے، ایف اے ٹی ایف کے معاملے میں سرخرو ہونگے، حماد اظہر

وزیراعظم عمران خان نے سیاسی اور معاشی مافیاز کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے، کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار حماد اظہر نے کہا ہے کہ پاکستان کو کسی بھی صورت بلیک لسٹ نہیں ہونے دیں گے اور انشاءاللہ ایف اے ٹی ایف کے معاملے میں سرخرو ہونگے، وزیراعظم عمران خان نے سیاسی اور معاشی مافیاز کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے، کرپٹ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

حب میں ٹریفک حادثہ تین افراد جاں بحق

حب (این این آئی) حب میں ٹریفک حادثہ تین افراد جاں بحق تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو مین آر سی ڈی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کوئٹہ اور قلعہ عبداللہ میں فائرنگ اور حادثات میں خاتون اور بچے سمیت چار افراد جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ اور قلعہ عبداللہ میں فائرنگ اور حادثات میں خاتون اور بچے سمیت چار افراد

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ممبر قومی اسمبلی اسپیکر گوادر محمد اسلم بھوتانی نے حب ندی پل کی خستہ حالی کا فوری نوٹس لے لیا

حب (نامہ نگار) ممبر قومی اسمبلی اسپیکر گوادر محمد اسلم بھوتانی نے حب ندی پل کی خستہ حالی کا فوری نوٹس لے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

نوتال کے قریب تیز رفتار مزدہ ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق ڈرائیور موقعے سے فرار

تمبو (آن لائن) نوتال کے قریب تیز رفتار مزدہ ٹرک کی موٹر سائیکل کے ساتھ ٹکر موٹر سائیکل سوار جاں بحق

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

6 ستمبر یوم دفاع پاکستان ایک تاریخ ساز دن ہے، منظور احمد کاکڑ

1965 کی پاک بھارت جنگ میں افواج پاکستان نے بہادری اور جرات کے جو کارنامے سرانجام دیئے گئے سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے پاک افواج، پولیس، فرنٹیئر کور، لیویز فورس اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان ایک تاریخ ساز دن

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

سینیٹ کے ضمنی انتخاب میں کاغذات نامزدگی واپس لینے کی مدت ختم پانچ امیدوار انتخاب سے دستبردار

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹ کے ضمنی انتخاب میں کاغذات نامزدگی واپس لینے کی مدت ختم پانچ امیدوار انتخاب سے دستبردار ہو گئے۔ الیکشن کمیشن حکام کے مطابق اتوار کو مرحوم سینیٹر میر حاصل بزنجو کی وفات کے بعد خالی ہونے سینیٹ کی نشست پر کاغذات نامزدگی واپس لینے کے آخری دن ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی ڈاکٹر

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

مراد سعید کی دعا قبولیت زبان دراز ہوتا ہے، جب سوات بارش سے تباہ ہوا، ہاتھ تو مراد سعید کہیں چھپے بیٹھے تھے، فواد چوہدری

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی عبدالقادر بلیل کا مراد سعید کے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت آزادی اظہار رائے پر پختہ یقین ہے، شبلی فراز

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت آزادی اظہار

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

کسی بھی مسلک یا فرقہ کو مذہبی انتشار کی اجازت نہیں دی جائیگی، پیر نور الحق قادری

فیصل آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری نے واضح کیا ہے کہ کسی بھی مسلک یا

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

روزانہ اس سے کہتے ہیں کہ سندھ خصوصاً کراچی کے لوگ زرداری اور فرنٹ زرداری کے حصار کو پرانے نہیں چھوڑیں گے، مراد سعید

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مواصلات مراد سعید نے کہا ہے کہ روز اول سے کہتے

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

سیز فائر کی خلاف ورزی سینئر بھارتی سفارتکار طلب، شدید احتجاج ریکارڈ کرایا

پاکستان نے سیز فائر کی خلاف ورزی پر سینئر بھارتی سفارتکار کو دفتر خارجہ طلب کر کے شدید احتجاج ریکارڈ کرایا، جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کے ان واقعات کی تحقیقات کرائے

بھارتی سیکیورٹی فورسز نے جان بوجھ کر شہری آبادی پر بھاری ہتھیاروں اور توپوں سے گولہ باری کی، بھارت سیز فائر معاہدے کا احترام اور خلاف ورزی کی تحقیقات کرے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے سیز فائر کی خلاف ورزی پر سینئر بھارتی سفارتکار کو دفتر خارجہ طلب کر کے شدید احتجاج ریکارڈ کرایا اور کہا ہے کہ بھارتی سیکیورٹی فورسز نے جان بوجھ کر شہری آبادی پر بھاری ہتھیاروں اور توپوں سے گولہ باری کی، بھارت سیز فائر معاہدے کا احترام اور خلاف ورزی کی تحقیقات کرے۔ اتوار کو ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق سینئر بھارتی سفارتکار کو دفتر خارجہ طلب کر کے احتجاجی مراسلہ ان کے حوالے کیا اور کہا کہ قابض بھارتی افواج ایل او سی اور ورکنگ باؤنڈری کی مسلسل خلاف ورزیاں کرتے ہوئے آرٹلری، بھاری اور خودکار ہتھیاروں کے ذریعے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومت عملی طور پر قادیانی لابی کو جگہ دینے کی کوشش میں ہے، مولانا واسع

موجودہ حکومت عملی طور پر قادیانی لابی کو جگہ دینے کی کوشش میں ہے جبکہ زبان پر درود شریف پڑھتے ہوئے نظر آتی ہے جو کہ کھلی منافقت ہے

پاکستان میں قادیانیت کے ناپاک فروغ کا خواب دیکھنے والوں کو رسوائی کے سوا کچھ نہیں ملے گا، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے 7 ستمبر یوم الفتح کے موقع پر کہا ہے کہ پاکستان میں قادیانیت کے ناپاک فروغ کا خواب دیکھنے والوں کو رسوائی کے سوا کچھ نہیں ملے گا موجودہ حکومت عملی طور پر قادیانی لابی کو جگہ دینے کی کوشش میں ہے جبکہ زبان پر درود شریف پڑھتے ہوئے نظر آتی ہے جو کہ کھلی منافقت ہے، ختم نبوت کے تحفظ کے لئے جدوجہد پر قائد جمعیت مفکر اسلام مولانا مفتی محمود رحمہ اللہ کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہیں آج پشاور میں ہونے والی ختم نبوت کانفرنس میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان ان سیمینار اور قادیانی نواز حکمرانوں کو آئینہ دکھائیں گے جنہوں نے ملک کے نظریات کا سودا کیا ہے، انہوں نے کہا کہ ختم نبوت کا عقیدہ دین اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کی رشد و ہدایت کا جو سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع فرمایا تھا اسے اپنے آخری پیغمبر حضرت محمد رسول اللہ پر ختم

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

مسئلہ کشمیر اور دفاع پاکستان پر تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے اختلافات ختم کر کے قومی یکجہتی کا فروغ دینا ہوگا، جنرل (ر) عبدالقیوم

اس وقت پاکستان خطرات میں گھرا ہوا ہے اور پاکستان کی اہم جغرافیائی پوزیشن کی وجہ سے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہو رہی ہے

پوری قوم کو اس وقت افواج پاکستان کیساتھ اس حوالے سے کھڑا ہونا ہوگا، چکوال پریس کلب میں منعقد شہداء کانفرنس سے خطاب

چکوال (این این آئی) ڈویژن میں دفاعی پیداوار سینیٹر کھلی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر اور دفاع پاکستان پر تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے اختلافات ختم کر کے قومی یکجہتی کو فروغ دینا ہوگا کیونکہ اس وقت پاکستان خطرات میں گھرا ہوا ہے اور پاکستان کی اہم جغرافیائی پوزیشن کی وجہ سے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہو رہی ہے اور پوری قوم کو اس وقت افواج پاکستان کیساتھ اس حوالے سے کھڑا ہونا ہوگا۔ وہ چکوال پریس کلب میں منعقد شہداء کانفرنس سے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ضروری قانون سازی کو جلد پارلیمنٹ لے جائیں، عمران خان

متعدد ارکان سیلاب زدگان کیلئے ریلیف اقدامات میں مصروف، قومی اسمبلی اور سینیٹ کا اجلاس ایک ہفتے کیلئے ملتوی کرنے کا فیصلہ

ضمنی سمیت ضروری قانون سازی کو جلد پارلیمنٹ لے جائیں، ضمنی قانون سازی قومی ضرورت ہے، اسے پورا کریں، وزیراعظم کی بابر اعوان کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے مشیر پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان سے رابطہ کیا جس میں ایف اے ٹی ایف قوانین کی منظوری سے متعلق اہم امور پر مشاورت کی گئی، سیلاب کی صورتحال اور ممبران پارلیمنٹ کی مصروفیات پر بھی گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں کہا گیا کہ متعدد ارکان سیلاب زدگان کیلئے ریلیف اقدامات میں مصروف ہیں، قومی اسمبلی اور سینیٹ کا اجلاس ایک ہفتے کیلئے ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا گیا، قومی اسمبلی کا اجلاس اب 14 ستمبر شام ساڑھے چار بجے ہوگا، سینیٹ کا اجلاس 15 ستمبر صبح ساڑھے دس بجے بلایا جائیگا۔ وزیراعظم نے بابر اعوان کو ہدایت کی کہ ضمنی سمیت ضروری قانون سازی کو جلد پارلیمنٹ لے جائیں، ضمنی قانون سازی قومی ضرورت ہے، اسے پورا کریں۔

ہم اپنے بزرگوں کی نقش قدم پر چل کر ملک کی دفاع و سلامتی میں اپنے پاک فوج کے ساتھ ہیں، میر عبدالکریم نوشیروانی

پاکستانی قوم کو اپنے افواج پر فخر ہے آج بھی پاک فوج کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے، سابق وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر سابق وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی اور سابق وزیر داخلہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی خارن کے ضلعی رہنماؤں اور کارکنوں کو یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے خارن میں شاندار ریلی نکالنے اور یوم دفاع کے مرکزی تقریب اور ریلی میں بڑی تعداد میں کارکنوں کی بھرپور شرکت پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا 6 ستمبر کا دن

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

لاہور قائد حزب اختلاف میاں محمد شہباز شریف میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ملک بھر میں یوم دفاع ملی جوش و جذبے کیساتھ منایا گیا

یوم دفاع کا آغاز مساجد میں نماز فجر کے بعد ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے دعاؤں کیساتھ کیا گیا، شہداء کیلئے فاتحہ اور قرآن خوانی

دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں 31 جبکہ صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی سے ہوا، مزار قائد پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں یوم دفاع و شہداء ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا جس کا مقصد وطن عزیز کے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق آج سے 55 سال قبل 6 ستمبر 1965 کو بھارتی فوج نے رات کی تاریکی میں بین الاقوامی سرحد عبور کرتے ہوئے پاکستان پر حملہ کیا تاہم قوم نے افواج پاکستان کے ساتھ مل کر دشمن کے اس گھناؤنے عزائم کو ناکام بنا دیا۔ آج کے دن غازیوں اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ تمام خطرات کے خلاف ملک کے دفاع کے عزم کا اعادہ کرنا ہے۔ یوم دفاع کا آغاز مساجد میں نماز فجر کے بعد ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے دعاؤں کے ساتھ کیا گیا جبکہ شہداء کے لیے فاتحہ اور قرآن خوانی بھی کی گئی۔ اس کے علاوہ دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں 31 جبکہ صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی سے ہوا۔ یوم دفاع کے موقع پر پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے مزار پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے نواں کلی زیر تعمیر بائی پاس پر روزانہ بدترین ٹریفک جام

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے نواں کلی زیر تعمیر بائی پاس پر روزانہ بدترین ٹریفک جام ٹھیکیداری سست روی حکومت بلوچستان کی نااہلی کیخلاف مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سیف الدین نثار اور نواں کلی کے تاجروں اور علاقہ مکین ہمراہ نواں کلی بائی پاس زیر تعمیر روڈ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

فوجیں ہمیشہ دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیتی رہیں گی، ڈاکٹر محمد یاسر بزنجو

افواج پاکستان نے قیام پاکستان سے لیکر آج تک یہ ثابت کیا ہے کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے، جمال شاہ کاکڑ

ملک کو مجموعی نظر سے دیکھنے والے یہ جان لیں کہ پاکستان قائم و دائم رہنے کے لئے بنا ہے اور رہتی دنیا تک قائم رہے گا

ملک کا بچہ بچہ وطن کے دفاع کے لئے جان قربان کرنے کے لئے تیار کھڑا ہے، صوبائی جنرل سیکرٹری مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ افواج اور پاکستانی قوم نے قیام پاکستان سے لیکر آج تک یہ ثابت کیا ہے کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے ملک کو مجموعی نظر سے دیکھنے والے یہ جان لیں کہ پاکستان قائم و دائم رہنے کے لئے بنا ہے اور رہتی دنیا تک قائم رہے گا، ملک کا بچہ بچہ وطن کے دفاع کے لئے جان قربان کرنے کے لئے تیار کھڑا ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو یوم دفاع کے موقع پر پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی ایک قدم آگے بڑھائے ہم دو قدم آگے بڑھیں گے، اسد عمر

کراچی کے عوام کا حق ہے، سندھ صوبہ اور پاکستان کی قیادت پر فرض ہے کہ کراچی کا قرض اتاریں، کراچی کی ترقی پر کوئی سیاست نہیں کر رہے

لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ترامیم ضروری ہے، جو بھی میئر آئے وہ بااختیار ہو، صرف کراچی نہیں بلکہ سکھر لاڑکانہ کے میئر کو بھی بااختیار بنایا جائے، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ کراچی کے عوام کا حق ہے، سندھ صوبہ اور پاکستان کی قیادت پر فرض ہے کہ کراچی کا قرض اتاریں، کراچی کی ترقی پر کوئی سیاست نہیں کر رہے، پیپلز پارٹی ایک قدم آگے بڑھائے وہ دو قدم آگے بڑھیں گے، مراد علی شاہ نے مثبت سوچ کا اظہار کیا، امید ہے پیپلز پارٹی کی قیادت مراد علی شاہ کو مثبت سوچ کے ساتھ کام کرنے دیگی، وزیر اعلیٰ سندھ سے بھی اس پر بات ہوئی ہے کہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ترامیم ضروری ہے، جو بھی میئر آئے وہ بااختیار ہو صرف کراچی نہیں بلکہ سکھر لاڑکانہ کے میئر کو بھی بااختیار بنایا جائے، کراچی کے اندر تمام اختیارات ایک ادارے کے پاس نہیں ہیں، یہاں اختیارات کی تقسیم ہے، اس وجہ سے فیصلہ سازی نہیں ہو پاتی، کام کرنے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

افغان صوبہ قندھار میں سیکیورٹی فورسز سے جھڑپوں میں 10 طالبان ہلاک

قندھار (این این آئی) افغانستان کے صوبہ قندھار میں سیکیورٹی فورسز سے جھڑپوں کے نتیجے میں 10 طالبان ہلاک ہوگئے۔ افغان میڈیا کے مطابق افغان نیشنل آرمی کے صوبہ قندھار میں سیکیورٹی فورسز سے جھڑپوں کے نتیجے میں 10 طالبان ہلاک ہوگئے۔ افغان

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

فرحت اللہ بابر نے این اے 45 کرم ایک اور پی کے 63 کے ضمنی انتخابات کے پارٹی ٹکٹ کیلئے امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلیں

اسلام آباد (این این آئی) سیکریٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین سینیٹر فرحت اللہ بابر نے این اے 45 کرم ایک اور پی کے 63 کے ضمنی انتخابات کے پارٹی ٹکٹ کیلئے امیدواروں سے درخواستیں طلب کرلیں۔ پارٹی کے سیکریٹری جنرل سینیٹر فرحت اللہ بابر نے پارٹی ٹکٹ حاصل کرنے کے خواہش مندوں کو ہدایت کی ہے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

پاکستان کی تاریخ میں 06 ستمبر کا دن انتہائی اہمیت کا حامل ہے، ڈاکٹر محمد یاسر بازئی

ہماری بہادر اور دلیر افواج نے ایک طاقتور دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا اور اسے شکست سے دوچار کیا، ڈپٹی کمشنر سبی

سبی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں 06 ستمبر کا دن انتہائی اہمیت کا حامل ہے ہماری بہادر اور دلیر افواج نے ایک طاقتور دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا اور اسے شکست سے دوچار کیا انہوں نے کہا کہ ہم اپنے وطن عزیز کے دفاع اور سالمیت کے لیے اپنی پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ پاک افواج کے جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دیکر پاکستانی قوم کو نئی زندگی دی ہے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کراچی پاکستان پیپلز پارٹی کے جنرل بلاول بھٹو زرداری ضلع وسطی کے علاقے ناظم آباد کے ڈی اے چورنگی پر عوام سے خطاب کر رہے ہیں

سرکاری وسائل عوام کی امانت، خیانت برداشت نہیں کی جائیگی، معائنہ ٹیم

زیر تعمیر اسکیمات پر جاری کام کی رفتار کو بڑھانے اور معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی گئی

سرکاری وسائل عوام کی امانت ہیں اس میں خیانت برداشت نہیں کی جائے گی، محمد قاسم مینگل

خضدار (ن ن) وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز شہید سکندر یونیورسٹی خضدار، جھالاوان میڈیکل کالج خضدار اور تحصیل زہری میں مختلف ترقیاتی اسکیمات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر زیر تعمیر اسکیمات پر جاری کام کی رفتار کو بڑھانے اور معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی گئی ٹیم ممبران کا کہنا تھا کہ سرکاری وسائل عوام کی امانت ہیں اس میں خیانت برداشت نہیں کی جائے گی دورہ شہید سکندر یونیورسٹی خضدار کے موقع پر انہیں جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کے ممبر محمد خالد سرپرہ ایڈیشنل ممبر محمد قاسم مینگل کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ 2017 میں 12 ارب 84 کروڑ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

نواب خان دمڑ کے شکر گزار ہے کہ انہوں نے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا فیصلہ کیا، سردار یار محمد رند

تحریک انصاف شمال مشرقی ریجن کے صدر نواب خان دمڑ کی صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند سے ملاقات، پارٹی امیدوار ڈاکٹر منیر احمد کے حق میں دستبرداری کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) تحریک انصاف شمال مشرقی ریجن کے صدر نواب خان دمڑ کی پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند ملاقات جس میں انہوں نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، میر حاصل بزنجو کی وفات سے خالی ہونیوالی سینیٹ کی نشست پر پارٹی امیدوار ڈاکٹر منیر احمد کے حق میں دستبرداری کا اعلان کرتے ہوئے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے تحریک انصاف کے صوبائی پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا کہ ہم نواب خان دمڑ کے شکر گزار ہے کہ انہوں نے پارٹی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

07 ستمبر 2020ء

بلوچستان پر بھی توجہ دیں

وزیراعظم عمران خان نے کراچی کے مسائل کے حل کیلئے 111 ارب روپے کے پیکج کا اعلان کیا ہے۔ جو خوش آئند ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اس کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سندھ کے دوسرے اضلاع کے لئے بھی ایسے ہی پیکجز کا اعلان کیا جائے۔ کراچی ملک کا سب سے بڑا اور صنعتی شہر ہے۔ اس شہر سے ملک کو چلانے میں بڑی مالی اعانت حاصل ہوتی ہے۔ کراچی اور اس کے شہریوں کو درپیش مشکلات کو حل کرنے کیلئے وفاقی حکومت کی طرف سے لئے جانے والے اقدام کا ملک کے ہر حصے کے لوگوں نے خیر مقدم کیا ہے۔ تاہم وزیراعظم عمران خان اور ان کی حکومت سے یہ گزارش تو ہی کی جاسکتی ہے۔ کہ ملک کے سب سے پسماندہ صوبہ بلوچستان جسے سب ہی پاکستان کا مستقبل قرار دیتے ہیں۔ اس صوبہ کے غریب اور پسماندگی کا شکار عوام کی حالت کی طرف ہی نظر عنایت کی ضرورت ہے۔ اگر بلوچستان کی ترقی اور اس کے عوام کی بدحالی دور کرنے کیلئے وزیراعظم اسی فراخدلی کا مظاہرہ کریں تو بلوچستان کے مسائل بہت کم وسائل اور وقت میں حل کیئے جاسکتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام ایک عرصہ سے لاپتہ افراد کی بازیابی اور جبرل گمشدگی کا سلسلہ روکنے کا مطالبہ کررہے ہیں۔ کوئی یہ نہیں کہتا کہ جرم کے مرتکب افراد کو چھوڑ دیا جائے۔ بلکہ اہلیان بلوچستان کا روز اول سے مطالبہ ہے کہ اگر کسی شخص نے جرم کیا ہے تو اسے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے لیکن بلاوجہ نوجوانوں اور دیگر لوگوں کو غائب کردینا اور ان کی مسخ شدہ لاشیں پھینکنے کا کوئی جواز نہیں۔ اس مسئلہ کے حل کیلئے اضافی سرمایہ کی بھی ضرورت نہیں۔ وزیراعظم عمران خان کو لاپتہ افراد کے مسئلہ پر فوری توجہ دیکر اس مسئلہ کو حل کرنے کیلئے عمل اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ حیات بلوچ اور دیگر نوجوانوں کے ماورا کے عدالت قتل جیسے اقدامات کسی مسئلہ کا حل نہیں یہ مسائل کو صرف بڑھاوا دیتے ہیں۔ صوبہ میں روزگار کی فراہمی غربت میں کمی کے اقدامات اور ترقیاتی عمل کو تیز کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ بہرحال وزیراعظم کو دیگر شہروں اور علاقوں کے ساتھ ساتھ بلوچستان پر بھی توجہ دینی چاہیے۔

کوئٹہ، کوئٹہ نہ رہا

یہ کوئٹہ ہے۔
بلوچستان کا صوبائی دارالحکومت جہاں بے ہنگم رش ہے۔ پارکنگ کے جگہ نہیں، فٹ پاتھ پر پیدل چلنے کی راہ نہیں، جابجا کچرے کے ڈھیر،
میٹروپولیٹن کارپوریشن کے اپنے اعداد وشمار کے مطابق کوئٹہ شہر میں اس وقت کچرے کی پروڈکشن 14 سے ساڑھے 14 سو میٹرک ٹن یومیہ ہے اور کارپوریشن تمام تر زور لگا کر بھی بمشکل 7 سو ٹن کچرہ اٹھا پاتا ہے۔ اس طرح وہ شہر جو ماضی میں "لٹل لندن" کہلاتا تھا آج اس میں 40 سے 45 فیصد کچرہ ہفتوں ہفتوں تک پڑا رہتا ہے۔ ایک ایسا شہر جس کے بلڈنگ کنٹرول برانچ کے پاس آج بھی عمارتیں توڑنے کے لئے گینتی، بیلچہ اور ہتھوڑے کے علاوہ کوئی اوزار نہیں۔
جس شہر میں بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی ہی نہیں۔ جہاں اینٹی انکروچمنٹ سیل محض فائلوں تک محدود ہے۔
جہاں فٹ پاتھوں سے لے کر گاڑیوں کے بائنٹ تک تجاوزات ہی تجاوزات ہیں۔ جہاں عمارتوں کا حال یہ ہے کہ کیوڈی اے اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کے اپنے ذرائع تصدیق کرتے ہیں کہ یہاں 80 فیصد سے زائد عمارتیں جن میں سرکاری دفاتر اور مساجد بھی شامل ہیں یہ عمارتیں تعمیراتی قوانین کو پاؤں تلے روند کر بنائی گئی ہیں جو پاکستان کا واحد دارالحکومت ہے جہاں ماسٹر پلان موجود نہیں رکھتا۔ غالباً 2007ء میں پہلی بار کوئٹہ شہر کے لئے ماسٹر پلان بنانے کا فیصلہ ہوا اور پی ایس ڈی پی میں رقم رکھی گئی تب سے اب تک یہ صوبہ 8 وزرائے اعلیٰ بھگتا چکا ہے جام کمال شاید 9 ویں وزیراعلیٰ ہیں جو مسند نشیں ہیں لیکن کوئٹہ کا ماسٹر پلان آج تک نہیں بنا۔ ایک ایسا شہر جس میں برساتی نالوں پر قبضہ ہو چکا ہے اور شہری منصوبہ بندی کی حالت یہ ہے کہ 20 منٹ کی بارش کے بعد اگلے کئی گھنٹوں تک شہر تالاب کا منظر پیش کرتا ہے۔ جہاں آج بھی بجلی کی تاریں بانسوں پر لٹکی نظر آتی ہیں۔
جہاں پانی کی طلب اور رسد میں 29 ملین گیلن یومیہ کا فرق حائل ہے اور پرائیویٹ ہسپتالوں کے بعد سب سے زیادہ منافع بخش کاروبار ٹیوب ویل لگا کر پانی بیچنے کا رہ گیا ہے۔ جہاں پانی کی فراہمی کے لئے اربوں روپے لگا کر اتنے پائپ بچھائے گئے کہ اگر یہ ایک سیدھ میں ہوتے تو ان میں روس سے پانی لایا جاسکتا تھا۔
جہاں سرکاری مارکیٹوں سے لے کر سرکاری ٹیوب ویلوں تک ہر چیز قبضہ ہو جاتی ہے۔ دو شہر جو جنوبی ایشیا میں جعلی ادویات کی سب سے بڑی مارکیٹ ہے۔
جہاں فوڈ اتھارٹی تو ہے لیکن ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری نہیں۔
کوئٹہ میں نجی ہسپتالوں کا جال بچھا ہوا ہے۔ شہر بھر میں میڈیکل اسٹورز کی قطار در قطار ہے۔ ڈاکٹرز کا ایک مافیا گروپ ہے جو ایک ایک ماہ کی میڈیسن اپنے مریضوں کو لکھ کر دیتا ہے۔ غریب عوام کا علاج نہیں ہوتا انہیں ذبح کیا جاتا ہے۔
سرکاری ہسپتالوں کا کئی پرسان حال نہیں۔ کڑوروں کی ادویات کہاں جاتی ہیں؟ کچھ پتا نہیں۔ طبی آلات ناکارہ، ٹیسٹ رپورٹس پر یہاں ڈاکٹرز کو بھی بھروسہ نہیں۔۔۔
کوئٹہ کے اشرافیہ کو چھینک آجائے تو سیدھا کراچی کا رخ کرتے ہیں۔
غریب غربا، سول ہسپتال کے برآمدوں اور پی، ایم، سی کی راہداریوں میں ایڑیاں رگڑ رگڑ کے دم توڑ دیتے ہیں۔
کوئٹہ جسے شہرستان بھی کہا جاتا رہا۔ یہاں سب سے زیادہ مہنگا پھل۔ بکتا ہے۔ یہاں کا سیب، انار، آڑو اور انگور آپ کو دیگر شہروں میں سستا مل جائے گا۔
کوئٹہ میں کسی شے کا سرکاری ریٹ نہیں۔ اگر ایک چیز ایک جگہ دوسو کی مل رہی ہے تو دوسری جگہ یہی چیز سو یا پھر اڑھائی سو میں ملے گی۔ عوام پٹرول نجی پٹرول پمپ سے گاڑیوں میں ڈلواتے ہیں۔ منظور شدہ اور لائسنس یافتہ پٹرول پمپ بھی اپنا کوٹہ نجی کے ہاتھوں فروخت کرتے ہیں۔
کوئٹہ اب کوئٹہ نہیں رہا۔ گھروں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، گیس چولہوں میں گیس پریشر کی کمی اور آب نوشی کا نادار وہو جاتا پرانا دکھڑا ہو چکا۔
گیس بلز، بجلی کا بل ہمیشہ بڑھا چڑھا کر صارفین تک پہنچتے ہیں کبھی کو بتاتی نہیں کرتے۔ کوئٹہ میں یوٹیلیٹی بلز ہی ہیں جس کا نظام بالکل درست ہے۔ جو باقاعدگی سے بروقت عوام کو موصول ہوتے ہیں۔
بجلی، گیس کے بلز بھی بھتوں بعد ملتے ہیں۔
کوئٹہ کی سڑکیں، گلیاں اور نیب بلیں کے گھر نے اب خواب ہوئے۔
کوئٹہ، کوئٹہ نہیں رہا۔۔۔۔

۶ یوم دفاع اور ۷ یوم ختم نبوت

میرا فسرامان

۶ ستمبر ۱۹۶۵ء کی صبح کو جب بھارت نے پاکستان پر زمینی حملہ کیا۔ تو پاکستانی فوج نے اس حملے کو پسپا کر دیا۔ لاہور کے لوگوں نے اپنی فضاؤں میں بھارتی جہازوں کو پتنگوں کی طرح کٹتے دیکھا۔ سیالکوٹ محاذ پر ٹینکوں کی سب سے بڑی لڑائی میں پاکستان نے کامیابی حاصل کی۔ بھارتی ٹینکوں کے سامنے پاکستانی فوج کے نوجوانوں نے لیٹ بھارتی ٹینکوں کو تباہ کیا۔ بھارتی تباہی کو دنیا نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔
بھارتی فوج کے سربراہ نے تکبر سے بیان دیا تھا کہ کل لاہور کے جمخانے میں شراب کی محفل سجائیں گے۔ ایوب خان نے اس تکبر کے جواب میں کلمہ لا الہ الا اللہ پڑھ کر مشرک بھارت کو للکارا تھا۔ کہ تم نے کس قوم سے پنگا لیا ہے۔ لاہور کی محاذ پر، سیالکوٹ کے محاذ پر، سمندری محاذ پر اور فضائی محاذ پر بھارت نے شکست کھائی تھی۔ کھیم کرن، چھم جوڑیاں پر بری فوج نے قبضہ کیا۔ بھارتی فضاؤں میں ایم ایم عالم پاکستانی فضائی فوج کے جوان کا راج تھا۔ اسی منٹ میں پانچ بارتی طیارے تباہ کر کے عالمی ریکارڈ قائم کیا۔ سمندر کی محاذ پر پاکستان کی بحری فوج نے بھارت کے بحری اڈا "دوارکا" کو تباہ کیا۔ اسی فتح کی یاد میں پاکستانی قوم ۶ ستمبر کو مناتی ہے۔ سترہ روزہ پاک بھارت جنگ کے بعد تاشقند جنگ بندی معاہدہ ہوا۔ لال بہادر شاستری بھارتی وزیر اعظم نے بھارت کی شکست کے غم میں وفات پائی۔ اب بھارت نمک خوار پاکستانی سیکولر صحافی اس فتح کو شکست لکھتے ہیں۔ شرم اگر ان کو نہیں آتی!
اب بھی بھارت میں نازی اور ہٹلر کی قومی برتری کی سوچ رکھنے والا، گجرات میں مسلمانوں کا قتل عام کرنے والا دہشت گرد، ایس ایس دہشت گرد تنظیم کا بنیادی رکن، بھارتی وزیراعظم نریندرا مودی ہے۔ ان نے بھارتی قوم کو ہندتوا کے نام پر پاکستان کے خلاف جنگ چھیڑنے پر تیار کیا ہوا۔ پاکستان کے علاقہ بالا کوٹ پر فضائی حملہ بھی کیا۔ کہا کہ ۳۵۰ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ مگر جب پاکستانی اور بین الاقوامی میڈیا بالاکوٹ گیا اور دنیا کے سامنے رپورٹ پیش کی۔ کہا بھارت سفید جھوٹ بول رہا ہے۔ بالا کوٹ میں کوئی دہشت گردی کا ٹریننگ کیمپ نہیں تھا۔ نہ ہی وہاں کوئی عمارتیں ہیں جو تباہ ہوئی ہوں۔ ہاں! وہاں ایک گھنے میں مرا ہوا کوا دیکھا گیا۔ کچھ چھیڑ کے درخت تباہ شدہ تھے۔
بھارت کے پیسے پر پلنے والے قائداعظم کے دو قومی نظریہ کے مخالف، پاکستان کے کچھ سیکولر اور لبرل صحافی اور سیاست دان، ۱۹۶۵ء کی پاکستانی فتح کو بھی جھوٹ کے سہارے پاکستان کی شکست قرار دیتے ہیں۔ یہ ایسا ہی ہے کہ جیسے یہ قائداعظم کو سیکولر ثابت کرنے کی ایڑی چوٹی کا زور لگاتے رہتے ہیں۔ مگر پاکستان میں قائداعظم کے دو قومی نظریہ کے سچے محافظ اور قائداعظم کے شیدائی موجود ہیں۔ جنہوں نے پہلے پاکستان کی سیاست، تعلیم اور مزدور طلبہ سے کیمونسٹوں کا صفایا کیا تھا۔ کیمونزم سے توبہ تیب ہو کر اب یہ سیکولر اور لبرل بن گئے ہیں۔ یہ قائداعظم کے دو قومی نظریہ کی مخالفت پر کمربستہ ہیں۔ ان شاء اللہ! اب بھی دلیل کی بنیاد پر پاکستانی سیاست سے ان سیکولروں اور لبرلوں کا بھی صفایا کردیں گے
اب آتے ہیں یوم ختم نبوت کی طرف۔ پوری دنیا میں ۷ ستمبر کو مسلمان یوم ختم نبوت ﷺ مناتے ہیں۔۔ ذوالفقار علی بھٹو وزیر اعظم پاکستان کے دور میں قادیانیوں کو پارلیمنٹ نے غیر مسلم اقلیت قرار دیا تھا۔ مسلمانوں کے اندر ایک شخص کاذب، مرزا غلام احمد نے انگریزوں کی اشیر آباد پر جھوٹی نبوت کا دعویٰ کیا۔ دنیا کے چونے دو ارب مسلمانوں کو کافر قرار دیا۔ اپنے چند لاکھ پیروکاروں کو مسلمان کہا۔ جو اس کی نبوت نہ مانے ان کو رنڈی کی اولاد نہ جانے کیا کچھ نہ کہا ہو۔ مسلمانوں کے سارے مقدس ناموں اور اسلامی شعار کو اپنا لیے مخصوص کر لیا۔ مسلمانوں نے اس پر احتجاج کیا۔ عجیب تھی ہے کہ ایک کاذب شخص نبوت کا دعویٰ کرے۔ مسلمانوں کے شعار پر ڈاکا اور تھی سے قبضہ کر لے۔ جرنل ضیاء الحق کے دور میں انہیں مسلمانوں کے شعار استعمال کرنے سے قانونی طور پر روک دیا گیا۔ اس دن سے قادیانی بنیادی حقوق کی رٹ لگاتے ہیں۔ امریکا سمیت ساری صلیبی ان کی حمایت میں اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔
پاکستان کی ہر حکومت پر دباؤ ڈال کر ان قوانین کو ختم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ پاکستان بننے سے پہلے اپنے مخصوص عزائم کے لیے انگریز نے ملک کے اہم عہدوں پر ان کو تعینات کیا تھا۔ پاکستان بننے کے بعد بھی بیروکریسی، وزارت خارجہ، فضائی فوج کا سربراہ، بحری فوج کا سربراہ اور بری فوج کا سیکنڈ ان کمانڈ کے عہدوں پر قادیانی تعینات تھے۔ نوے فی صد مسلمانوں کے ملک پاکستان کو قادیانی اسٹیٹ بنانے کی سازش پر عمل پیرا تھے۔ ان حالت میں ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کو پاکستان کی پارلیمنٹ میں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا تھا۔ قادیانی پاکستان کے آئین کو نہیں مانتے۔ اپنے آپ کو غیر مسلم اقلیت بھی نہیں مانتے۔ بلکہ سارے مسلمانوں کو کافر کہتے ہیں اور خود کو مسلمان مانتے ہیں، عجیب تھی ہے۔ کاذب مرزا غلام احمد نے اپنی کتابوں میں انگریزوں کی تحریفوں کے پل باندھے ہیں۔
صلیبیوں نے ان کو بنایا تھا۔ انہوں ہی نے قادیانیوں کو پاکستان کو ختم کرنے کے ایجنڈے پر تعینات کیا ہوا۔ پاکستان حکمران کو قرضوں میں پھنسا کر قادیانیوں کی مدد کر رہے ہیں۔ اس لیے پاکستانیوں کو اپنے حکمرانوں کے ساتھ مل کر اس فتنہ کا مقابلہ کرنا چاہیے۔ اللہ پاکستان کو صلیبیوں کی سازشوں سے بچائے آمین۔

فرضی نہیں حقیقی سیاسی اتحاد وقت ضرورت ہے

غلام مرتضیٰ باجوہ

بزرگوں کا کہنا ہے کہ زندگی میں ہمیشہ ان لوگوں کا چناؤ کریں جن کو عزت دینے پر وہ آپ کو خود سے بڑھ کر آپ کو عزت دیں یہی بہترین لوگوں کی نشانی ہے۔ کسی دانشور نے کیا خوب وقت کی عکاسی کرتے ہوئے لکھا کہ "ایک بچے نے سمندر میں اپنا جوتا کھو دیا تو بلکتے ہوئے بچے نے سمندر کے ساحل پر لکھ دیا۔ یہ سمندر چور ہے!۔ کچھ ہی فاصلے پر ایک شکاری نے سمندر میں جال پھینکا اور بہت سی مچھلیوں کا شکار کیا تو خوشی کے عالم میں اس نے ساحل پر لکھ دیا۔ سخاوت کیلئے اسی سمندر کی مثال دی جاتی ہے۔!۔ ایک غوطہ خور نے سمندر میں غوطہ لگایا اور وہ اس کا آخری غوطہ ثابت ہوا کنارے پر بیٹھی فرزد وہاں نے ریت پر لکھتے آنسوں سے لکھ دیا۔ یہ سمندر قاتل ہے۔ ایک بوڑھے شخص کو سمندر نے قیمتی موتی کا تحفہ دیا تو اس نے خوشی سے لکھ دیا۔ یہ سمندر بڑا کریم اور سخی ہے۔ پھر ایک بہت بڑی لہر آئی اور اسنے سب لکھا ہوا مٹا دیا۔ لوگوں کی باتوں پر کان مت دھرو ہر شخص وہ کہتا ہے جہاں سے وہ دیکھتا ہے۔ خطاؤں اور غلطیوں کو مٹا دو تاکہ دوستی اور بھائی چارگی چلتی رہے۔
احتساب اور سیلاب سے بچاؤ کے لیے آج کل پاکستان میں اپوزیشن جماعتوں میں ایک بار پھر اتحاد کے لیے رابطوں اور ملاقاتوں کا سلسلہ عروج پر ہے۔ گزشتہ روز پاکستانی کیمرہ سیاسی اپوزیشن (جاری ہے)

ختم نبوت کا عقیدہ ان بنیادی عقیدوں میں سے ایک ہے جن پر گوناگوں اختلافات کے باوجود تیرہ صدیوں تک امت کا کلی اتفاق اور قطعی.....

سید محی الدین غرشین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
ختم نبوت کا عقیدہ ان بنیادی عقیدوں میں سے ایک ہے جن پر گوناگوں اختلافات کے باوجود تیرہ صدیوں تک امت کا کلی اتفاق اور قطعی اجماع رہا ہے جس طرح ایک مسلمان کے لئے اللہ تعالیٰ کی توحید، قیامت، حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی رسالت کسی دلیل کی محتاج نہیں اسی طرح ختم نبوت کا مسئلہ بھی کبھی زیر بحث نہیں آیا اور اس کے ثبوت کے لئے کسی مسلمان کو کسی دلیل یا بحث وتمحیص کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی لیکن مرزا قادیانی نے وہ کام کر دکھایا جس کی جرات آج تک شیطان کو بھی نہیں ہوئی تھی،
حضرت سیدہ زینب (رض) جب حریم نبوت میں رونق افروز ہوئیں تو بہتان تراشی کے جس طوفان کا اندیشہ امنڈ کر آگیا اور بدباطن یہودیوں اور منافقین نے کہنا شروع کر دیا کہ دیکھو اپنے بیٹے کی بہو کو اپنی زوجہ بنالیا۔ کبھی ایسا اندھیر بھی ہوا تھا جیسے انہوں نے کر دکھایا۔ چلو ہمارے رسم ورواج کو تو رہنے دو، وہ خود بھی آج تک یہی بتاتے رہے کہ بیٹے کی بیوی سے باپ نکاح نہیں کرسکتا۔ اب پھر خود اپنے بیٹے زید کی مطلقہ اہلیہ کو اپنی زوجیت میں لے لیا۔
ان کی اس ہرزہ سرائی کو قرآن حکیم نے اس ایک جملہ سے ختم کر کے رکھ کر تم میں سے حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کسی مرد کے باپ نہیں۔ جب باپ نہیں ہیں تو زید بیٹا کیسے بن گیا۔ وہ تو اپنے باپ حارثہ کا بیٹا ہے۔ تمہارا یہ اعتراض محض تمہارے خبث باطن کی پیداوار ہے حقیقت سے اس کا دور کا بھی واسطہ نہیں۔
باپ ہونے کی نفی کی اور اللہ تعالیٰ کا رسول ہونے کا اعلان فرما دیا۔ بے شک باپ اپنی اولاد پر بڑا مہربان اور شفیق ہوتا ہے لیکن رسول کو جو تعلق اپنی امت کے ہر ہر فرد سے ہوتا ہے اور جو لطف وکرم وہ فرماتا ہے اس کے مقابلہ میں باپ کی ساری شفقتیں ہیچ ہیں۔ باپ کی مہربانیاں، اولاد کی جسمانی اور مادی دنیا تک محدود ہوتی ہیں۔ رسول کی نگاہ کرم سے امتی کا جسم اور روح، ظاہر اور باطن، دل اور عقل سب فیض یاب ہوتے ہیں۔ باپ کی شفقتیں، روز حشر کسی کام نہیں آئیں گی بلکہ سارے دنیاوی رشتے اس دن ٹوٹ جائیں گے۔ یوم یفر المرء من اخیہ وامہ وابیہ وصاحبتہ وبنیہ۔ لیکن رسول کے لطف وعنایت سے دنیا اور آخرت دونوں میں اس کا امتی شاد کام ہوتا ہے۔
حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نہایت شفقت کو بیان فرمایا جارہا ہے کہ اگر حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بعد بھی نبوت کا سلسلہ جاری رہتا تو حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) اتنی تحدی سے امت کے سامنے دین اسلام کے سارے گوشے آشکارا کرنے کی شاید زحمت نہ فرماتے۔ لیکن اب جبکہ نبوت کا دروازہ بند کر دیا گیا ہے اور حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) ہی اس سلسلہ ذہبیہ کی آخری کڑی ہیں تو آپ کی محبت اور الفت کا تقاضا یہ ہے کہ کوئی چیز بھی ادھوری نہ رہنے دی جائے۔ ساری بری رسموں کا قلع قمع کر دیا جائے کیونکہ اگر باطل کا کوئی پہلو اصلاح سے محروم رہا تو پھر اس کی اصلاح ممکن نہیں ہوگی اور اگر دور جاہلیت کی قبیح رسموں کو مٹایا نہ گیا تو پھر ایسی سستی پیدا ہی نہیں ہو گی جو ان کو مٹا سکے۔ اتنی محبوبیت، اتنی جامعیت اور اتنا تقدس کہاں پایا جائے گا۔ تاکہ دنیا اس کے اشارہ ابرو پر اپنا سب کچھ نثار کرنے کے لئے تیار ہو جائے۔
ختم نبوت کا عقیدہ اسلام کے ان چند بنیادی عقیدوں میں سے ایک ہے جن پر امت کا اجماع ہو رہا ہے۔
گرچہ بدقسمتی سے امت اسلامیہ کئی فرقوں میں بٹ گئی ہے۔ باہمی تعصب نے بار بار ملت کے امن وسکون کو درہم برہم کیا اور فتنہ وفساد کے شعلوں نے بڑے المناک حادثات کو جنم دیا لیکن اتنے شدید اختلافات کے باوجود سارے فرقے اس پر متفق رہے کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) آخری نبی ہیں اور حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔ چنانچہ گزشتہ تیرہ صدیوں میں جس نے بھی نبی بننے کا دعویٰ کیا اس کو مرتد قرار دے دیا گیا اور اس کے خلاف علم جہاد بلند کر کے اس کی جھوٹی عظمت کو خاک میں ملا دیا گیا۔ مسیلمہ نے جب نبوت کا دعویٰ کیا تو حضرت صدیق اکبر (رض) نے نتائج کی پروا کئے بغیر اس کے خلاف لشکر کشی کی اور تب چین کا سانس لیا۔ جب اس جھوٹے نبی کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ بے شک اس جہاد میں ہزاروں کی تعداد میں مسلمان بھی شہید ہوئے۔ جن میں سینکڑوں حفاظ قرآن اور جلیل المرتبت صحابہ تھے لیکن حضرت صدیق نے اتنی قربانی دے کر بھی اس فتنے کو کچلنا ضروری سمجھا۔ آپ نور صدیقیت سے دیکھ رہے تھے کہ اگر ذرا تساہل برتا تو یہ امت سینکڑوں گروہوں میں نہیں سینکڑوں امتوں میں بٹ جائے گی۔ ہر امت کا اپنی نبی ہوگا اور وہ اسی کی شریعت اور سنت کو اپنائے گی۔ اس طرح اس رحمت للعالمین کے زیر سایہ اسلام کے پلیٹ فارم پر انسانیت کے اتحاد کی ساری امیدیں ختم ہو جائیں گی اور انی رسول اللہ الیکم جمیعا سہانا منظر کبھی بھی نظر نہیں آئے گا۔ ناظرین کو یہ بات بھی مدنظر رکھنی چاہئے کہ مسیلمہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نبوت کا منکر نہیں تھا بلکہ اپنے دعوے نبوت کے ساتھ ساتھ وہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی رسالت کو بھی تسلیم کرتا تھا۔ چنانچہ حضور خاتم الانبیاء والرسل کی ظاہری زندگی کے آخری ایام میں اس نے جو عریضہ ارسال خدمت کیا تھا، اس کے الفاظ یہ ہیں: من مسیلمۃ رسول اللہ الی محمد رسول اللہ۔ کہ یہ خط مسیلمہ کی طرف سے جو اللہ تعالیٰ کا رسول ہے محمد رسول اللہ کی طرف لکھا جارہا ہے۔
علامہ طبری نے اس امر کی بھی تصریح کی ہے کہ اس کے ہاں جو اذان مروج تھی اس میں اشھد ان محمدا رسول اللہ بھی کہا جاتا تھا۔ بایں ہمہ حضرت صدیق نے اس کو مرتد اور واجب القتل یقین کر کے اس پر لشکر کشی کی اور اس کو واصل جہنم کر کے آرام کا سانس لیا۔
اسلام کی تیرہ صد سالہ تاریخ میں جب بھی کسی سر پھرے، طالع آزما یا فتنہ پرداز نے اپنے آپ کو نبی کہنے کی جرات کی اس کو قتل کر دیا گیا۔
انگریز کی غلامی کے دور میں ملت اسلامیہ کو جس طرح دوسرے کئی مصائب سے دو چار ہونا پڑا، اسی طرح ایک جھوٹی نبوت قائم کر کے امت میں انتشار پیدا کیا گیا۔ وہ مدعی نبوت بظاہر عیسائیت کا رد کرتا تھا اور پادریوں سے مناظرے کرتا تھا۔ اس کے باوجود انگریز کا پرلے درجے کا وفادار تھا، ملکہ انگلستان کی شان میں اس نے ایسے تعریفی پمفلٹ لکھے کہ کوئی باغیرت مسلمان ان کو پڑھنا بھی گوارا نہیں کرتا۔ انگریز کی اسلام دشمنی حکومت کو اپنی وفاداری کا یقین دلانا اسلام سے غداری نہیں تو اور کیا ہے۔ انگریز نے اس کی نبوت کو اپنی سنگینوں کے سایہ میں پروان چڑھنے کا موقع دیا اور اس کو قبول کرنے والوں کے لئے بے جا نوازشات کے دروازے کھول دیئے۔ ہر مرزائی کے لئے کسی استحقاق کے بغیر اچھی سے اچھی ملازمتیں مختص کر دی گئیں۔ سیاسی میدان میں بھی ان کو آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی۔ بے شک وہ شخص عیسائیت کے خلاف لکھتا اور بولتا تھا لیکن انگریز نے اس کے ذریعہ امت مسلمہ میں ایک نئی فتنہ انکار ختم نبوت سے صدہا سال پہلے یہ کتابیں لکھی گئی ہیں، ان کے متعلق یہ نہیں کہا جا سکتا کہ انہوں نے مذہبی تعصب یا ذاتی عقیدہ کے باعث لکھا ہے تاکہ ان کا قول حجت نہ رہے بلکہ ان کی نگارشات اور ان کی تحقیقات اہل لغت کے اقوال کے عین مطابق ہیں۔ پہلے صحاح کی عبارت ملاحظہ فرمایئے۔ ختم اللہ لہ بخیر خدا اس کا خاتمہ بالخیر کرے۔ وختمت القرآن: بلغت اخرہ۔ یعنی میں نے قرآن آخر تک پڑھ لیا۔ الختمۃ الشی: نقیض الفتحۃ: افتتاح کی نقیض اختتام ہے۔ والخاتم والخاتم بکسر التاء وفتحہا والختام والخاتام کلہ بمعنی وخاتمۃ الشی، اخرہ۔ یعنی خاتم خاتم۔ ختام۔ خاتام سب کا یک ہی معنی ہے اور کسی چیز کے آخر کو خاتمۃ الشی، کہتے ہیں۔ ومحمد (صلی اللہ علیہ وسلم) خاتم الانبیاء علیہم الصلوۃ والسلام۔ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) تمام نبیوں سے آخر میں تشریف لے آئے۔
علامہ ابن منظور لسان العرب میں لکھتے ہیں: ختام الوادی، اقصاہ وختام القوم وخاتمہم وخاتمہم۔ آخرہم ومحمد (صلی اللہ علیہ وسلم) خاتم الانبیاء علیہ وعلیہم الصلوۃ والسلام۔ وادی کے آخری کونہ کو ختام الوادی کہتے ہیں۔ قوم کے آخری فرد کو ختام خاتم اور خاتم کہا جاتا ہے۔ اسی مناسبت سے حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کو خاتم الانبیاء فرمایا گیا ہے۔ لسان العرب میں اجتہذیب کے حوالہ سے لکھا ہے: والخاتم والخاتم من اسماء النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) وفی التنزیل العزیز ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین ای اخرہم ومن اماء العاقب ایضا ومعناہ اخر الانبیاء۔ یعنی خاتم اور خاتم نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اسماء گرامی میں سے ہیں۔ قرآن مجید میں ہے ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین۔ یعنی سب نبیوں سے پیچھے آنے والا۔ اور حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اسماء میں سے العاقب بھی ہے اس کا معنی آخر الانبیاء ہے۔
اہل لغت کی ان تصریحات سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ خاتم کی حاء پر زیر ہو یا زبر اس کا معنی "آخری" ہے۔ اس معنی کی تائید کے لئے اہل لغت نے ایک دوسری آیت سے بھی استدلال کیا ہے وختامہ مسک ای اخرہ مسک۔ یعنی اہل جنت کو جو مشروب پلایا جائے گا اس کے آخر میں انہیں کستوری کی خوشبو آئے گی۔
ختم نبوت کے منکرین اس موقع پر یہ کہتے ہوئے ستائی دیتے ہیں کہ خاتم کا جو معنی آپ نے بیان کیا ہے (آخری) وہ یہاں مراد نہیں بلکہ اس کا دوسرا معنی مراد ہے اور یہ معنی بھی اہل لغت کی کتابوں میں موجود ہے جن کا حوالہ آپ نے دیا ہے۔ جب ایک لفظ کے دو معنی ہوں، تو وہاں ایک معنی مراد لینے پر بضد ہونا اور دوسرے معنی کو ترک کر دینا تحقیق حق کا کوئی اچھا مظاہرہ نہیں۔ وہ کہتے ہیں ہم بھی اس آیت کو مانتے ہیں اور اس کے معنی اپنی طرف سے نہیں گھڑتے تاکہ ہم پر تحریف قرآن کا الزام لگایا جائے بلکہ لغت عرب کے مطابق ہی اس کا مفہوم بیان کرتے ہیں۔ کسی کو ہم پر اعتراض کا حق نہیں پہنچتا۔
صحاح اور لسان العرب دونوں میں خاتم کا معنی مہر یا مہر لگانے والا مذکور ہے۔ آیت کا یہی معنی ابلغ اور شان رسالت کے شایان ہے کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) انبیا پر مہر لگانے والے ہیں جس پر حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) نے مہر لگا دی وہ نبوت کے شرف سے مشرف ہوگا اور جس پر مہر نہ لگائی، وہ نبوت کے منصب پر فائز نہیں ہوسکتا۔
اس کے متعلق گزارش ہے کہ بے شک لغت کی کتابوں میں خاتم کا معنی مہر یا مہر لگانے والا موقوم ہے لیکن انہوں نے تصریح کر دی ہے کہ مذکورہ آیت میں خاتم النبیین کا معنی آخر النبیین ہے۔ یہاں فقط یہی معنی مراد ہے اور یہ لوگ اگر مصر ہوں کہ یہاں خاتم کا دوسرا معنی مراد ہے تو اس سے بھی انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ ایسے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے مطالعہ کرتے ہوئے غور وتدبر سے کام نہیں لیا۔ انہوں نے مہر سے مراد ڈاکخانہ کی مہر یا کسی افسر کی مہر سمجھی ہے کہ لفافہ یا کارڈ پر مہر ثبت لگایا اور اسے آگے بھیج دیا یا کسی کی درخواست پر اپنی مہر ثبت کی اور اسے مناسب کاروائی کے لئے متعلقہ دفتر روانہ کر دیا۔ حالانکہ مہر کا جو مفہوم اہل لغت نے لیا ہے وہ قطعاً اس کے خلاف ہے۔ کاش انہیں بے جا تعصب اس امر کی اجازت دیتا کہ وہ اکابر لغت کی عبارتوں میں غور کرتے۔ آیئے! ہم آپ کی خدمت میں یہ عبارتیں پیش کرتے ہیں تاکہ آپ کسی صحیح فیصلہ پر پہنچ سکیں۔ لسان العرب میں ہے: ختمہ ختمہ ختما وختاما: طبعہ فھو مختوم ومختم شد للمبالغۃ۔ یعنی ختم کا معنی مہر لگانا ہے اور جس پر مہر لگا دی جائے اس کو مختوم اور م

شال بقیہ 1

آئین کے تحت بجلی سستی ہوگی۔ وہ فاطمہ جناح ٹاؤن ملتان میں 132 کے وی گرڈ اسٹیشن کا سنگ بنیاد رکھا تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری مخدوم زادہ زین حسین قریشی، صوبائی وزیر توانائی ڈاکٹر اختر ملک، میئر چیف رضا خان نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ماضی کے ادوار میں کسی نئے ڈیم کے منصوبے پر کام نہیں کیا گیا، ہماری حکومت نے دیامیر بھاشا ڈیم پر کی تعمیر پر کام شروع کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھاشا دیامیر ڈیم سات سالوں میں مکمل ہوگا اس سے پاکستانی فائدہ اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا وزیر اعظم عمران خان نے کنسٹرکشن انڈسٹریز پر ایک تاریخی ریلیف پیکج دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کنسٹرکشن انڈسٹری کے فروغ سے روزگار پیدا ہوگا اور لوگوں کی قوت خرید میں اضافہ ہوگا۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ فاطمہ جناح کالونی عرصہ دراز سے بن چکی لیکن سہولیات کی عدم فراہمی کی وجہ سے آباد نہ ہو سکی، نئے گریڈ اسٹیشن سے 5 ہزار کمرشل اور 500 انڈسٹریل کنکشن دستیاب ہونگے، اس گریڈ اسٹیشن سے 14 نئے فیڈرز بنائے جائیں گے جس سے بجلی کی ٹرپنگ میں کمی آئیگی اور عوام کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائیگا اس گرڈ اسٹیشن سے چالیس ہزار نئے گھریلو کنکشنز فراہم کئے جائینگے۔

شال بقیہ 2

امن کی کوششوں میں پاکستان کا کلیدی کردار اس کا منہ بولتا ثبوت ہے، ہمارے ہمسایہ ملک ہندوستان نے ہمیشہ کی طرح ایک غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے، خاص طور پر مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کرنے کے غیر قانونی اقدام کے بعد خطے کے امن کو ایک مرتبہ پھر شدید خطرات سے دوچار کردیا ہے، کوئی شک نہیں کہ جموں و کشمیر بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ مسئلہ ہے، ہم کسی بھی یکطرفہ فیصلے کو تسلیم نہیں کرتے ہمیں نہ تو نئے حاصل شدہ اسلحے کے انبار سے مرعوب کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی ہم پہ کوئی دھمکی اثر انداز ہوسکتی ہے، افواج پاکستان پوری قوت سے لیس، چوکنا اور باخبر ہیں، اور انشاء اللہ، دشمن کی کسی بھی حرکت کا فوری اور پوری قوت سے جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔ اتوار کو یوم دفاع کے موقع پر جی ایچ کیو میں مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاک فوج کے سربراہ نے کہا کہ گزشتہ بیس سالوں میں ہم بڑی آزمائش سے گزرے ہیں، مشرقی و مغربی سرحدوں پر حالت جنگ کا سامنا رہا، زلزلے اور سیلاب جیسی آزمائشیں بھی درپیش رہیں، دہشت گردی اور شدت گردی کے خلاف ہم نے اعصاب شکن جنگ لڑی، ہزاروں افراد کی قربانی دی اور لاکھوں دربدر ہوئے۔

شال بقیہ 3

کے دفاع کو یقینی بنایا تھا۔ یوم دفاع پاکستان اس تجدید عہد کا نام ہے جس میں اس عزم کا اظہار کیا جاتا ہے کہ ملک پاک کا دفاع اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر کریں گے، یوم دفاع پاکستان قوم میں جہاں ایک نئی امنگ پیدا کرتا ہے وہیں ملک کا دفاع جتنا مضبوط ہو قوم بھی اتنی ہی مضبوط اور فخر محسوس کرتی ہے، وزیر داخلہ نے کہا کہ 6 ستمبر شہیدوں اور غازیوں کو یاد کرنے کا دن ہی نہیں بلکہ ہماری عظمت و بہادری کا نشان بھی ہے، قوم اپنے جرت مند فرزندوں، شہیدوں اور مجاہدوں کی بہادری اور حب الوطنی پر کیوں ناز نہ کرے جنہوں نے اپنے ملک کی سالمیت و بقا کے لیے اپنی جانیں قوم کے کل کیلئے قربان کردیں۔ جس پر پاکستانی قوم رہتی دنیا تک اپنے شہیدوں کو سلام پیش کرتی رہے گی، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے مزید کہا کہ ہمیں دشمنوں کے ناپاک عزائم کو سب نے مل کر خاک میں ملانا ہے جو ہمیں آپس میں دست گریباں کرنے میں مصروف ہیں۔ ملک کے 55 ویں یوم دفاع پر ہم اس عہد کا اعادہ کرتے ہیں کہ جو بھی ہمارے ملک کی طرف آنکھ سے دیکھے گا اس کی اینٹ سے اینٹ بجادیں گے۔

شال بقیہ 4

عام شہری آبادیوں کو نشانہ بنارہی ہیں۔ بھارتی سفارتکار کا بتایا گیا کہ شہری آبادیوں کو دانستہ نشانہ بنانا انتہائی قابل افسوس، انسانی عظمت و وقار، عالمی انسانی حقوق اور بین الاقوامی انسانی قوانین کے صریحاً منافی ہے۔ بھارت کی جانب سے جنگ بندی کی ان خلاف ورزیوں سے علاقائی امن و سلامتی کو سنگین خطرات لاحق ہیں جس کا نتیجہ سٹریٹیجک غلطی کی صورت نکل سکتا ہے۔ بھارت نے رواں سال کے دوران 2158 مرتبہ بلا اشتعال جنگ بندی کی خلاف ورزیاں کی ہیں جس میں 17 بے گناہ شہری شہید اور 168 زخمی ہوئے ہیں۔ بھارتی سفارتکار کو آگاہ کیا گیا کہ ایل او سی پر کشیدگی میں اضافے سے بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں اور مظالم سے عالمی توجہ ہٹا نہیں سکتا۔ بھارت پر زور دیا گیا کہ وہ دو ہزار تین کے جنگ بندی معاہدے کی پاسداری کرے، جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کے ان واقعات کی تحقیقات کرائے، بھارتی فوج کو جنگ بندی کے احترام کا حکم دے، ایل او سی اور ورکنگ باؤنڈری پر اس کی روح کے مطابق امن برقرار رکھے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق بھارت اقوام متحدہ کے فوجی مبصرین (یو این ایم او جی آئی پی) کو اپنا کردار ادا کرنے کی اجازت دے۔

شال بقیہ 5

جہاں پاک فضائیہ کے کیڈٹس نے مزار قائد پر گارڈز کے فرائض سنبھالے۔ مزار قائد پر فرائض سنبھالنے والے گارڈز کا دستہ 3 خواتین سمیت 46 کیڈٹس پر مشتمل ہے۔ اس موقع پر مہمان خصوصی ایئر وائس مارشل شکیل غضنفر کو جنرل سیلوٹ پیش کیا گیا جبکہ تقریب کے مہمان خصوصی نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا، مزار پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ ملک کے لیے جان کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں یوم دفاع کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ آرمی چیف نے اس موقع پر یادگار شہدا پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ علاوہ ازیں یوم دفاع و شہدا کے سلسلے میں ایک تقریب نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں بھی منعقد کی گئی۔ تقریب میں پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل ظفر محمود عباسی نے شرکت کی اور یادگار شہدا پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی، اس موقع پر وہ شہدا کے اہل خانہ سے بھی ملے۔

شال بقیہ 6

فرمادیا اور ختم نبوت کے عظیم الشان عمل کی تکمیل حضرت محمد رسول اللہ پر ختم فرمادیا اور ختم نبوت کے عظیم الشان عمل کی تکمیل حضرت محمد رسول اللہ کا وجود مسعود ہے۔ ختم نبوت کے اس عقیدہ پر قرآن کریم میں متعدد آیات موجود ہیں اور تقریباً دو سو سے زیادہ روایات ہیں جن سے عقیدہ ختم نبوت بڑی وضاحت اور صراحت کے ساتھ ثابت ہوتا ہے، ایسے تواتر اور قطعیت کی نظیر کسی اور مسئلہ میں ملنا مشکل ہے۔ مذکورہ مسئلہ پر نہ صرف امت محمدیہ کا اجماع ہے بلکہ تمام کتب سماویہ کا اور تمام انبیاء کرام کا اس پر اجماع ہے۔ عالم ارواح میں تمام انبیاء کرام علیہم السلام کا اس پر عہد و پیمان ہے۔

شال بقیہ 7

میں رکاوٹ آتی ہے جس کی وجہ سے ہم آگے نہیں بڑھ پاتے اور کراچی کو اس کا حق نہیں ملتا، سب سے زیادہ ریونیو دینے والا شہر فعال نہ ہوا تو پاکستان ترقی نہیں کرسکتا، سیاست الگ رکھیں اور عوام کی خدمت کے لیے ایک پلیٹ فارم پر آئیں، یہ نہیں ہوگا کہ سیاسی پوائنٹ اسکورنگ ہو، حقائق کو مسخ کر کے بتایا جائے اور ہم خاموش رہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو گورنر ہاؤس کراچی میں وفاقی وزراء علی حیدر زیدی اور امین الحق کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسد عمر نے کہا کہ میں اس کانفرنس کے بارے میں ڈبل مائنڈڈ تھا کہ پریس کانفرنس کروں یا نہ کروں، یہ وفاق اور سندھ کا فرض ہے کہ کراچی کی ترقی کے لیے کام کریں۔ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ بہت اچھی سوچ کے ساتھ چل رہے ہیں، امید ہے کہ ان کی لیڈرشپ بھی اس پر توجہ دے گی۔

شال بقیہ 8

روپے کی خطیر رقم سے تعمیراتی کام آغاز کیا گیا اب تک اکیڈمک بلاک ایڈمن بلاک گرلز اور بوائز ہاسٹل اسپورٹس کمپلیکس برجز و روڈ پر کام شروع کریں گے اس موقع پر پروجیکٹ انجینئر شہید سکندر یونیورسٹی خضدار انجینئر نادر حسین بلوچ کنسلٹنٹ محمد علی اسسٹنٹ انجینئر کنسٹرکشن جھالاوان میڈیکل کالج خضدار ناصر احمد اسپیشلسٹ بی ایڈ آر محمد فاروق مینگل ایکسیئن اربن ڈویلپمنٹ منیر احمد مینگل ایکسیئن پی ایچ ای خضدار یار جان بلوچ انجینئر ایریگیشن امجد علی بلوچ اسسٹنٹ انجینئر میونسپل کارپوریشن خضدار ہدایت اللہ زہری انجینئر عثمان خواجہ کمیل انجینئر شاہد بلوچ انجینئر محمد سلیم اسسٹنٹ انجینئر لوکل گورنمنٹ خضدار عبدالواحد بلوچ انجینئر ایریگیشن امجد علی بلوچ انجینئر لیاقت بلوچ انجینئر سجاد احمد انجینئر پی ایچ ای زہری ظفر احمد زہری اسسٹنٹ ڈائریکٹر پی ایڈ ڈی خضدار محمد صادق نوتانی انجینئر بی ایڈ آر اعجاز احمد انجینئر الطاف کرد ان کے ہمراہ تھے معائنہ ٹیم نے جھالاوان میڈیکل کالج خضدار اور میڈیکل کالج کے سائیٹ کا بھی دورہ کیا جہاں انہیں اسسٹنٹ انجینئر کنسٹرکشن جھالاوان میڈیکل کالج خضدار ناصر احمد نے بریفنگ میں بتایا کہ پی ایم ڈی سی کی ہدایات کے مطابق جھالاوان میڈیکل کالج کے کلاسسز عارضی طور پر ووکیشنل کالج خضدار کو تیار کر کے وہاں میڈیکل کی کلاسسز شروع کردیے گئے ہیں۔

شال بقیہ 9

کوارٹرز (جی ایچ کیو) میں منعقدہ فوجی اعزازات دینے کی تقریب میں مہمان خصوصی تھے۔ اس تقریب میں شہدا کے لواحقین، غازیوں، سینئر فوجی افسران اور جوانوں نے شرکت کی، جس میں مختلف آپریشنز میں کارہائے نمایاں انجام دینے والوں کو اعزازات سے نوازا گیا۔ تقریب میں 40 افسران کو ستارہ امتیاز (ملٹری)، 24 افسران اور جوانوں کو تمغہ بسالت اور ایک جوان کو اقوام متحدہ (یو این) میڈل دیا گیا جبکہ شہدا کو دیے جانے والے اعزازات ان کے لواحقین نے وصول کیے۔

شال بقیہ 10

ہے، 1965 کی پاک بھارت جنگ میں افواج پاکستان نے بہادری اور جرات کے جوکارنامے سر انجام دیئے گئے اور قربانی کا جو جذبہ دیکھنے میں آیا وہ ناقابل یقین تھا، ہم کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کیلئے آواز اٹھاتے رہیں گے، دنیا مسئلہ کشمیر کو آسان نہ لے، انسانی حقوق کے بین الاقوامی ادارے اس مسئلہ کی نزاکت اور حساسیت کو سمجھیں کیونکہ بھارتی سرکار کی احمقانہ حرکتیں پورے خطے کا امن تباہ کرسکتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو یوم دفاع کی مناسبت سے منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر اقلیتی رکن صوبائی اسمبلی دھنیش کمار، بلوچستان عوامی پارٹی کی خاتون رہنما ثنا درانی و دیگر نے بھی خطاب کیا۔

شال بقیہ 11

ہمراہ روانگی کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) ضیارتی ونگ کے ضلعی جنرل سیکرٹری چوہدری وسیم انجم سندھو و دیگر موجود تھے، کامران مائیکل نے کہا کہ افواج پاکستان نے نہ صرف بھارت کے خلاف مشرقی بارڈر پر ملکی سرزمین کا دفاع کیا بلکہ مسلط کردہ دہشت گردی کو نکیل ڈالی اور اس جنگ میں کامیابی حاصل کر کے نئی تاریخ رقم کی، ہماری مسلح افواج کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا لوہا پوری دنیا مانتی ہے جنگ ستمبر 1965 میں بھارتی ٹڈی دل فوج نے اپنی عددی طاقت کے زعم میں پاکستان پر حملہ کر کے وطن عزیز کی سلامتی کو چیلنج کیا جس کا مقابلہ پاک فوج اور عوام نے جس بھرپور جذبہ سے یقینی بنایا اس کی مثال نہیں ملتی، انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری زیادت مقدسہ مریم کی تقریبات میں ہر سال کی طرح ملکی سلامتی و خوشحالی کی دعائیں کررہی ہے یہ وطن ہم سب کا ہے اور ہمیں ہی اس کی ترقی و سلامتی کی خاطر اپنا کردار ادا کرنا ہے۔

شال بقیہ 12

اغواء کے بعد قتل کردیا گیا لیویز حکام کے مطابق ملزمان نے لاشوں کو ویرانے میں پھینک کر فرار ہوگئے ضلعی انتظامیہ نے لاشیں تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کردیا واقعہ کے بعد علاقے میں حالات کشیدہ ہوگئے انتظامیہ کی بھاری نفری پہنچ گئی لیویز کے مطابق واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جارہا ہے اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ جہانزیب شیخ کے مطابق لیویز نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

شال بقیہ 13

اصغر علی چنگیزی، پی ٹی آئی کے نواب خان و مزمل بلال، سید عبدالشکور آغا، نور محمد عادل نے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے جبکہ ایک امیدوار سردار نور احمد ہنگلوئی کے کاغذات نامزدگی پہلے ہی مسترد کئے جاچکے ہیں، پانچ امیدواروں کے کاغذات نامزدگی واپس لینے اور ایک کے مسترد ہونے کے بعد اب سینیٹ کے ضمنی انتخاب میں چار امیدوار بلوچستان عوامی پارٹی کے خالد بزنجو، جمعیت علماء اسلام کے فوت اللہ، پی ٹی آئی کے ڈاکٹر منیر بلوچ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے محمد علی مدمقابل ہیں واضح رہے کہ سینیٹ کی خالی نشست پر ضمنی انتخاب 12 ستمبر کو ہوگا۔

شال بقیہ 14

مافیا ہر گلی محلے میں ہے، کرپٹ لوگوں نے ملک و قوم کا جتنا پیسہ لوٹا ہے وہ ان سے واپس لیں گے، وزیر اعظم عمران خان نے کورونا وائرس کی وباء کے دوران بروقت اور غیر معمولی فیصلے کیے جس کی وجہ سے دنیا کے مقابلے پاکستان میں اموات کی شرح انتہائی کم رہی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب میں ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح کے موقع پر خطاب اور گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ حماد اظہر نے کہا کہ عوام جانتے ہیں کہ وزیر اعظم عمران خان نے انتہائی مشکل معاشی حالات میں ملک سنبھالا لیکن انہوں نے معاشی اور سیاسی مافیاز کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ حکومت ایف اے ٹی ایف کے معاملے میں سرخرو ہوگی اور منی لانڈرنگ کا قانون رکوانے کی کوشش کرنے والوں کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کی وباء کے دنوں میں سب نے ملک بند کرنے کا مشورہ دے کر اپنی اپنی سیاست چمکائی لیکن وقت نے ثابت کیا کہ وزیر اعظم عمران خان نے نامساعد حالات میں بھی درست فیصلے کیے اور ہمیں کامیابی ملی، دنیا کے مقابلے میں پاکستان میں کورونا وائرس سے بلاکتوں کی تعداد انتہائی کم رہی۔ کورونا وباء کے دوران طبی عملے نے فرنٹ لائن سولجر کا کردار ادا کیا اور پوری قوم انہیں سیلوٹ پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کی کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، ملک و قوم کی دولت لوٹنے والوں سے پیسے واپس لیں گے۔

شال بقیہ 15

قیادت کی ہدایت پر اپنے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا فیصلہ کیا جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے ان کے اس فیصلے سے پاکستان تحریک انصاف مضبوط ہوگی اور ہر پارٹی لیڈر و کارکنوں کو چاہئے کہ وہ ان کی تقلید کرتے ہوئے پارٹی قیادت کے فیصلے کو دل سے تسلیم کریں تاکہ بلوچستان میں پارٹی مضبوط بنیادوں پر مستحکم ہوسکے ان کا مزید کہنا تھا کہ تحریک انصاف بلوچستان کے پارلیمانی پارٹی کا اجلاس 8 ستمبر کو ہوگا جس میں سینیٹ انتخابات کے حوالے سے حتمی فیصلہ کیا جائیگا۔

شال بقیہ 16

ہوئے کہی۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ پاکستان ناقابل تسخیر ملک ہے جس نے 1965 کے دن دشمن کو منہ توڑ جواب دیا آج وہ اس سے بڑھ کر طاقت کے ساتھ دشمن کے آگے سینہ سپر ہے، چھ ستمبر کا دن اس لیے یاد گار ہے کہ اس دن ہمارے بہادر افواج نے دشمن کشت سے دوچار کر کے وطن عزیز کا دفاع کیا تھا، انہوں نے کہا کہ ہمیں ایمانی قوت حاصل ہے ہم صرف اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں دشمن کو جواب دینا ہمارے لئے کوئی بڑی بات نہیں ہے، بھارت نے جس طرح کشمیر کے عوام پر ظلم و ستم ڈھایا ہوا ہے وہ ان کی جنونی اور دہشت گردی کے لئے کافی ہے، بلوچستان کے عوام بلوچستان کے قبائلی اپنے افواج کے شانہ بشانہ ہیں اور جب بھی ضرورت پڑیگی تو ہم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ہم سے تقاضا کرتا ہے ہم اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کریں آج دشمن ملک نے ہماری شہ رگ کو اپنی بربریت کا نشانہ بنایا ہے بھارت یاد رکھے کہ پاکستان ایٹمی قوت رکھنے والی ایک قوم ہے پاکستان کا بچہ بچہ ملک کے دفاع میں افواج کے ہمراہ کھڑا ہے۔

شال بقیہ 17

پر ٹائر جلا کر ہر قسم ٹریفک کیلئے راستہ بند کردیا گیا ہے احتجاجی مظاہرین کا کہنا ہے کہ ڈیڑھ سال سے نواں کلی بائی پاس پر ٹھیکیدار کی نااہلی کی وجہ سے یہاں کے دکاندار پراپرٹی ڈیلر ہوٹل مالکان اور زرغون آباد کے علاقہ مکین سخت مشکلات کا شکار ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نور الامین مینگل نے دو بار دورہ بھی کیا اور بیانات بھی دیئے اور نوٹس بھی لیا اس کے باوجود ٹھیکیدار کی سست روی لاپرواہی کی وجہ سے روڈ سست روی کا شکار ہے یہاں کے دکاندار ایک سال سے دکانوں کا کرایہ جب سے دے رہا ہے دکانوں کے سامنے نالیوں کیلئے بڑے گڈھے کھود دئے گئے تاجر پہلے بھی کرونا وائرس سے معاشی مشکلات کا شکار ہے دوسری طرف صوبائی حکومت اور ٹھیکیدار کی نااہلی کی وجہ یہاں کے تاجر اور علاقہ مکین سخت معاشی اور گھریلو مشکلات کا شکار ہے احتجاجی مظاہروں نے چیف سیکرٹری بلوچستان فضیل اصغر سیکرٹری مواصلات نور الامین مینگل ممبر قومی و صوبائی اسمبلی سینیٹرز سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر نواں کلی بائی کی زیر تعمیر روڈ اور نالیوں پر کام شروع کیا جائے اگر فوری طور پر شروع نہ کیا گیا تو سخت احتجاج کریں گے۔

شال بقیہ 18

کے بعد بڑی مشکل سے آگ پر قابو پالیا گیا مگر آگ کے بلند شعلوں کی وجہ سے گاڑی مکمل طور پر جل کر خاکستر بن گئی جس سے لاکھوں روپے کے نقصانات ہوئے۔

شال بقیہ 19

خطاب کررہے تھے۔ تقریب کی صدارت 1965 کے جنگ کے غازی کیپٹن (ر) مقبول حسین نے کی جبکہ خطبہ استقبالیہ پاکستان ایکس سروس مین سوسائٹی ضلع چکوال کے صدر کرنل ظفر اعوان نے پیش کیا جبکہ اس موقع پر کرنل ممتاز اور بڑی تعداد میں سابقہ فوجی کانفرنس میں موجود تھے۔ اس دوران وقفے وقفے کیساتھ پاک فوج زندہ باد، پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے جاتے رہے۔ کانفرنس میں متفقہ طور پر تمام شرکاء نے ہاتھ کھڑے کر کے ضلع چکوال میں سی ایم ایچ ہسپتال قائم کرنے کا مطالبہ کیا۔ تقریب سے کیپٹن (ر) مقبول حسین جو 1965 کی جنگ میں لاہور محاذ پر موجود تھے انہوں نے نقشے کیساتھ تفصیلات بتائیں کہ کس طرح بھارتی دشمن کا حملہ ناکام کیا گیا جو کہ شالامار باغ میں ٹی بریک اور جم خانہ میں اپنی فتح کا جشن منانے کیلئے حملہ آور ہوا تھا، شہداء کانفرنس سے راجہ ضمیر الدین ایڈووکیٹ، صوبیدار فتح نور میر، کرنل ممتاز احمد اور کرنل ظفر اعوان نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے شہدائے ستمبر کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ یہ ان شہداء کی قربانیاں ہیں کہ آج ہم آزاد حیثیت میں موجود ہیں۔

شال بقیہ 20

سیلاب سے متاثرین افراد کے لیے عمرکوٹ میں بنائے گئے ٹینٹ سٹی رخود دورہ کیا۔ میڈیا سے بات چیت میں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی خصوصی ہدایات پر تمام ایم پی اے، ایم این اے اور عہدداران بارش سے متاثر ہونے والے اضلاع کا ہنگامی بنیاد پر دورہ کررہے ہیں اور انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ بے گھر ہونے والے لوگوں کی ہر ممکن مدد اور کھانے پینے کی اشیا، صاف پانی، مچھر دانیاں، ٹینٹ اور ادویات کی فراہمی کو ترجیحاتی بنیادوں پر یقینی بنائیں، انہوں نے کہا بارش کی تباہ کاریوں کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ کراچی، بدین، سانگھڑ اور عمرکوٹ تک روڈ کے دونوں اطراف پانی ہی پانی ہے اور حکومت نے آفت زدہ دیئے جانے والے اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت کی ہے کہ سروے کر کے نقصان کا تخمینہ لگا کر رپورٹ وزیر اعلیٰ سندھ کو جلد سے جلد ارسال کریں، انہوں نے کہا حکومت سندھ بارش کے متاثرہ علاقوں کی ہر ممکن مدد کررہی ہے۔

شال بقیہ 21

اور دشمن کے عزائم کو ناکام بنادیا ہے جبکہ ہمارے ازلی دشمن بھارت کے خلاف آج بھی پاک افواج کے جوانوں میں وہی 1965 کا جذبہ قائم و دائم ہے انہوں نے کہا کہ پاک افواج کی ثبت پالیسیوں کی وجہ سے آج ہم ترقی کے ایک نئے باب سے گزر رہے ہیں گو کہ ترقی کے اس باب تک پہنچنے کا سفر کتنا ہی طویل اور کٹھن تھا انہوں نے کہا کہ پاکستان ایشین ٹائیگر ہے جو تا قیامت سلامت رہے گا جس کی بقا کی خاطر ہم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے اور وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی اور استحکام کی خاطر ہم اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

شال بقیہ 22

وزارت دفاع کی جانب سے جاری بیان کے مطابق جنوبی قندھار میں ضلع شاہ ولی کوٹ میں طالبان کی جانب سے سیکیورٹی فورسز پر حملہ کیا گیا تاہم سیکیورٹی فورسز کی بھرپور جوابی کارروائی میں طالبان کو جانی نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ افغان وزارت دفاع کے مطابق جھڑپوں میں سیکیورٹی فورسز نے طالبان کی 4 موٹر سائیکلوں کو بھی تباہ کردیا تاہم طالبان کے حملے میں کسی سیکیورٹی اہلکار کی ہلاکت کے حوالے سے کوئی خبر سامنے نہیں آئی جبکہ طالبان کی جانب سے بھی ابھی تک حملے سے متعلق تصدیق یا تردید جاری نہیں کی گئی۔

شال بقیہ 23

فیاض علی، میجر رسالدار سردار عبداللطیف خان جوگیزئی، تحصیلدار بوری شاہ اللہ خان لونی لیویز آفیسران اور جوانوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی کمشنر نے کہا کہ بی ایریا میں اس وقت جرائم کی شرح اے ایریا سے انتہائی کم ہے لیویز جوان اپنی ڈیوٹیوں کو احسن طریقے سے عوام کا خادم بن کر ادا کریں اور لیویز فورس کا نام مذید روشن کریں اس موقع پر مہمانوں کے لئے چائے پارٹی کا اہتمام کیا گیا تھا آگر میں کمشنر ژوب ڈویژن نے پی پی ایچ آئی کا بورڈ بھی لگایا انکے ہمراہ پی پی ایچ آئی کے ایڈمن آفیسر سلام خان کبزئی بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 24

پابندیوں کو نرم نہ کرے امریکا نے ثابت کردیا کہ اسے انسانیت کا پاس بھی نہیں، امریکا کو عالمی وبا کی وجہ سے پیدا ہونے والی بحرانی کیفیت کو مدنظر رکھنا چاہیے تھا۔ صدر حسن روحانی نے امریکی پابندیوں کی مخالفت نہ کرنے پر دیگر عالمی قوتوں اور دوست ممالک کو بھی ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا کہ ایران کے دوست ممالک نے بھی امریکا کے یکطرفہ اقدامات اور پابندیوں کی مخالفت میں خاموشی اختیار کیے رکھی اور کسی نے ایران کا ساتھ نہ دیا۔

شال بقیہ 25

ہمیں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ان عظیم محافظوں کا یاد دلاتی ہے جنہوں نے بزدل دشمن بھارت کے فوج اور حکمرانوں کی منظوم منصوبے لاہور پاکستان پر قبضہ کرنے کی کوشش اور خواب کو خاک میں ملانے کے لیے پاک فوج کے میجر عزیز بھٹی کی قیادت میں بہادر قومی جوانوں نے اپنی جانوں کو قربان کر کے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہم اپنے عظیم بہادر محافظ شہدا اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں انھوں نے کہا کہ ہم اپنے بزرگوں کی نقش قدم پر چل کر ملک کی دفاع و سلامتی میں اپنے پاک فوج کے ساتھ ہیں پاکستانی قوم کو اپنے افواج پر فخر ہے آج بھی پاک فوج کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

شال بقیہ 26

کہ 16 ستمبر تک درخواستیں زرداری ہاؤس کے پتہ پر ارسال کریں۔ درخواست صدر پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرینز کے نام ہوگی، درخواست کے ساتھ قومی اسمبلی کے ٹکٹ کیلئے مبلغ 50 ہزار روپیہ اور صوبائی اسمبلی کیلئے 30 ہزار روپے کا بینک ڈرافٹ منسلک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ درخواستیں ہاؤس نمبر 8 اسٹریٹ نمبر 19 سیکٹر ایف ایٹ ٹو زرداری ہاؤس کے پتہ پر ارسال کی جائیں۔

شال بقیہ 27

روڈ کراچی بس اسٹاپ کے قریب گاڑی اور موٹر سائیکل کے درمیان ٹکر کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار دین نیوز کے رپورٹر عبدالستار محمد حسنی اپنے دو کمسن بچوں کے ہمراہ موقع پر جاں بحق ہوگئے لیویز نے لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 28

جاں بحق ہوگئے لیویز کے مطابق ہفتہ کو قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان منگلوئی میں فائرنگ سے گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے ضلعی صدر اور ان کے بھائی کو فائرنگ کر کے قتل کردیا گیا لیویز کے مطابق واقعہ پرانی رنجش پر پیش آیا جبکہ کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر فائرنگ سے ایک خاتون جاں بحق ہوگئی اسی طرح مشرقی بائی پاس پر ٹریکٹر کی ٹکر سے ایک بچہ جاں بحق ہوگیا، لاشوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں مزید تحقیقات جاری ہیں۔

شال بقیہ 29

لیا تفصیلات کے مطابق ممبر قومی اسمبلی اسیلہ کوادر محمد اسلم بھوتانی نے گزشتہ روز حب ندی پل کی سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو کا نوٹس لیتے ہوئے فوری طور پر وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید کو حب ندی پل کی خستہ حالی کے حوالے سے آگاہ کیا اور انکو بتایا کہ کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ پیش آسکتا ہے اور کافی جانی و مالی نقصان ہوسکتا ہے، اس صورتحال پر وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے میجر پل بائی وے اتھارٹی کو فوری ایکشن لینے کا حکم جاری کردیا۔

شال بقیہ 30

مزدہ ڈرائیور موقعے سے فرار پولیس کے مطابق پولیس تھانہ توتال کی حدود میں قومی شاہراہ پر تیز رفتار مزدہ ٹرک نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے باعث موٹر سائیکل سوار محبوب علی بوہڑ جاں بحق ہوگیا اور مزدہ ڈرائیور مزدہ ٹرک چھوڑ کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال پہنچادیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش کو ورثہ کے حوالے کر کے مزدہ ٹرک کو تحویل میں لیکر ڈرائیور کی تلاش شروع کردی ہے۔

شال بقیہ 31

بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ مراد سعید کی واحد قابلیت زبان دراز ہونا ہے، جب سوات بارش سے تباہ ہورہا تھا تو مراد سعید کہیں چھپے بیٹھے تھے۔ اتوار کو جاری بیان میں قادر پٹیل نے کہا کہ مراد سعید صاحب، سندھ چھوڑیں، اپنے سوات کی سنائیں۔ انہوں نے کہا کہ مراد سعید صاحب، کبھی اپنے علاقے سوات کا چکر لگائیں، عوام آپ کا دیسی استقبال کریں گے کہ جیسا محمود خان کا کیا۔ اپنے انتخابی حلقوں میں منہ چھپا کر جانے والے سندھ حکومت کی کارکردگی پر بات کرتے اچھے نہیں لگتے۔ انہوں نے کہا کہ مراد سعید بدزبانی کر کے عمران خان کی نظروں میں اچھا بننے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔

شال بقیہ 32

رائے پر پابند یقین ہے۔ صحافیوں کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، ہم اس فرض کو پور

6 ستمبر وطن عزیز کے جغرافیائی دفاع و استحکام کا دن ہے' حافظ حسین احمد

مولانا مفتی محمود اور دیگر مذہبی جماعتوں کے قائدین نے ختم نبوت ﷺ کے حوالے سے جو آئینی جنگ لڑی اور اس میں کامیابی حاصل کی

برطانیہ کا یہ خود ساختہ پودا ''پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا'' کہ مصداق آج بھی وہیں پناہ گزین ہیں' سابق سینیٹر

حب' این ایچ اے بلوچستان کے ممبر شاہد احسان اللہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان اور سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ 6 ستمبر وطن عزیز کے جغرافیائی دفاع و استحکام اور 7 ستمبر نظریاتی دفاع اور استحکام کا دن ہے یہ دونوں دن ہمارے لیے یوم الفتح ہیں، پارلیمنٹ کے اندر مولانا مفتی محمود اور دیگر مذہبی جماعتوں کے قائدین نے ختم نبوت ﷺ کے حوالے سے جو آئینی جنگ لڑی اور اس میں کامیابی حاصل ہوئی اس میں یقیناً اس وقت کے وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کا بھی بھرپور حصہ اور تعاون تھا۔ وہ اتوار کے روز اپنی رہائشگاہ جامعہ مطلع العلوم میں مختلف وفود سے گفتگو کر رہے تھے، انہوں نے کہا کہ 7 ستمبر 1974ء کا دن ہماری قومی اور ملی تاریخ میں خاص اہمیت کا حامل ہے اس دن مسلمانوں کے دیرینہ مطالبے پر اس وقت کی قومی اسمبلی نے قادیانیوں کو جمہوری اور پارلیمانی بنیاد پر غیر بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

شہید عبدالستار محمد حسنی اور ان کے دونوں فرزند کی موت کا ہمیں افسوس ہے' احمد ایم حسنی

خضدار (نامہ نگار) روزنامہ شال خضدار کے رپورٹر احمد محمد حسنی، 7 نیوز چینل کے رپورٹر عبدالباقی محمد حسنی آن لائن بلوچستان کے رپورٹر عطر مینگل جی ٹی وی کے رپورٹر الطاف حسین باجوئی نے اپنے ایک تعزیتی پیغام میں وش نیوز بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

تاریخی وزیر باغ کے بحالی پروگرام کا افتتاح، پشاور کو پھر سے پھولوں کا شہر بنائینگے' کامران بنگش

پروگرام کے تحت دس کروڑ کی لاگت سے تاریخی وزیر باغ کی رونقیں بحال کی جائینگی

پشاور کے عوام کو ایک مرتبہ پھر تفریحی مقامات اپنے اصلی شکل میں میسر ہونگے

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے جلدیات و اطلاعات کامران بنگش اور ایم این اے حاجی شوکت علی نے اتوار کو اعلیٰ پشاور پروگرام کے تحت تاریخی وزیر باغ کے بحالی پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے معاون خصوصی کامران بنگش کا کہنا تھا کہ پروگرام کے تحت دس کروڑ کی لاگت سے تاریخی وزیر باغ کی رونقیں بحال کی جائینگی اور پشاور کے عوام کو ایک مرتبہ پھر تفریحی مقامات اپنے اصلی شکل میں میسر ہونگے۔ اس منصوبے بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

بھارتی جارحانہ رویہ خطے کے امن و استحکام کیلئے بہت بڑا خطرہ ہے' نصیب اللہ مری

ہماری افواج سرحدوں کی حفاظت کے ساتھ ساتھ ملک کے اندرونی استحکام اور تعمیر و ترقی میں بھی بھرپور کردار ادا کر رہی ہے

دشمن ہمارے اندرونی استحکام کو نقصان پہنچانے کی خفیہ سازشوں میں بھی ملوث ہے' ممبر صوبائی اسمبلی

کوہلو (ش ن) ممبر صوبائی اسمبلی میر نصیب اللہ مری نے یوم دفاع کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ یوم دفاع پاکستان ہمیں افواج پاکستان اور قوم کے اس جذبے اور بہادری کی یاد دلاتا ہے۔ جس کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاک فوج نے 55 سال قبل آج کے دن دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا تھا 6 ستمبر 1965ء کو ہماری بری، بحری اور فضائی افواج نے مثالی جرأتمندی اور پیشہ ورانہ مہارت سے دشمن کو ہر محاذ پر شکست دی۔ آزمائش بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

نصیر آباد' کمشنر عابد سلیم قریشی یوم دفاع کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چھ ستمبر کا دن ہمیں مسلح افواج اور جوانوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے' ملک سیف اللہ مرغزانی

6 ستمبر کو 1965 کی پاک بھارت جنگ کے شہداء اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے

سبی (نامہ نگار) انصاف لیبر ونگ ضلع سبی کی جانب سے یوم دفاع کے حوالے سے ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ یوم دفاع چھ ستمبر کا دن ہمیں مسلح افواج اور جوانوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انصاف لیبر ونگ ضلع سبی کی جانب سے یوم دفاع کے حوالے سے ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کا مقصد پاک فوج کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ تقریب کا اہتمام انصاف لیبر ونگ کے صدر سیف اللہ خان مرغزانی کی جانب سے کیا گیا۔ تقریب میں انصاف لیبر ونگ کے عہدیداران سمیت کارکنوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی تقریب سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

قوم کو مغربی غلامی کی زنجیر میں جکھڑا جا رہا ہے، مولانا غلام قادر قاسمی

جمعیت وطن عزیز کے نظریاتی سرحدات کی تحفظ کی جنگ آخر دم تک لڑتی رہیگی

اوتھل (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر و امیر ہے یو آئی ضلع لسبیلہ مولانا غلام قادر قاسمی ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا یعقوب ساسولی نے کہا کہ 6 ستمبر وطن عزیز پاکستان کے دفاع و تحفظ اور 7 ستمبر نظریاتی دفاع و تحفظ کا دن ہے، 7 ستمبر 1974ء کو پاکستان کے قانون ساز اسمبلی نے قادیانیوں کو متفقہ طور پر غیر مسلم کا فرار اقلیت قرار دیا گیا تھا انہوں نے کہا کہ مخصوص ایجنڈے کے تحت ایک بار پھر قوم کے اس متفقہ آئین کو ختم کرنے اور قادیانیوں کو مسلم ڈکلیئر کرنے کی ناکام کوششیں کی جا رہی ہے، قوم کو مغربی غلامی کی زنجیر میں جکھڑا جا رہا ہے، جمعیت بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان عبدالخالق ہزارہ محکمہ کھیل امور نوجوانان کے زیر اہتمام منعقدہ یوم دفاع کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اوستہ محمد میں بدامنی برقرار نے ایس ایچ او کو بھی چوروں نے تحفہ دے دیا

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں بدامنی برقرار نے ایس ایچ او کو بھی چوروں نے تحفہ دے دیا محمد حسن جمالی جی ٹی اے بی کے دائیں چیز مین کی موٹر سائیکل چوری کر بدامنی برقرار بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

پاک افواج نے ملک کا دفاع کر کے بھارتی غرور خاک میں ملا دیا' طارق حسن

پاک فوج کو جو سے کوئی میلی آنکھ ملک کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی' صادق شیخ' شاہد عباسی و دیگر کا یوم دفاع کے موقع پر خطاب

کراچی (این این آئی) یوم دفاع پاکستان بھارت کی ذلت کا سیاہ ترین باب ہے پاک افواج نے 1965 میں بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیکر قوم کی ترجمانی کا حق ادا کر دیا اس وقت بھی پاک افواج اور قوم ایک ساتھ ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں ان خیالات بقیہ نمبر68 صفحہ 3 پر

پاکستان کی سالمیت کے خلاف ہر عزائم کو خاک میں ملا دیا جائیگا' جمالی

دشمن سرزمین پاکستان کے خلاف اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کی خوش فہمی میں نہ رہیں ملکی دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے

1965 کی جنگ میں پاک فوج کے بہادر جوانوں نے دشمن کو پچھاڑ کر تاریخ رقم کی ہے، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و بین الصوبائی امور

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و بین الصوبائی امور میر عمر خان جمالی نے کہا ہے 6 ستمبر کے شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں وطن کے جانثاروں نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنا دیا دشمنان وطن اس خوش فہمی میں نہ رہیں جانثار وطن کے چپے چپے کی حفاظت کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں یوم دفاع کے موقع پر اپنے جاری بیان میں انکا کہنا تھا کہ 1965 کی جنگ میں پاک فوج کے بہادر بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

نوکنڈی' کمانڈنٹ تفتان رنگلز کرنل عبدالمجید کاکڑ یوم دفاع کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ستمبر منکرین عقیدہ ختم نبوت کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا تاریخی دن ہے' مولانا ولی محمد ترابی

عوام میں زیر بحث لانے سے نفرتیں پیدا ہوتی ہیں جو کہ ملکی سلامتی کے لیے زہر قاتل ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے صوبائی رہنماں مولانا ولی محمد ترابی، حاجی سازالدین، حاجی نور محمد غلجی، رحیم الدین ایڈوکیٹ، عبدالواسع سحر، عبدالرحمن بزنجو، مفتی رشید احمد حقانی اور حزب اللہ ملک یار نے کہا ہے کہ 7 ستمبر منکرین عقیدہ ختم نبوت کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا تاریخی دن ہے۔ جب 1974 میں مفکر اسلام مفتی محمود نے دیگر رہنماں کے ہمراہ قومی اسمبلی سے امت مسلمہ کے لیے ناسور قادیانی فتنہ کو غیر مسلم اقلیت قرار دلوایا۔ بھارت کے شہر قادیان سے اٹھنے والے اس فتنے کی بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

ملک میں جاری فرقہ واریت کی آگ کو بھڑکانے والے عناصر کے خلاف ایکشن لیا جائے' اہلسنت والجماعت

ہم نے ملک سے فرقہ واریت کے خاتمے کے لئے بہت قربانیاں دی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) اہلسنت والجماعت کے رہنماں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ملک میں جاری فرقہ واریت کی آگ کو بھڑکانے والے عناصر کے خلاف ایکشن لیا جائے ہم نے ملک سے فرقہ واریت کے خاتمے کے لئے بہت قربانیاں دی ہیں اس ملک کو آگ میں دھکیلنے والوں کے خلاف کوئی رعایت نہ کی جائے 10 ستمبر بروز جمعرات پریس کلب میں آل پارٹیز عظمت صحابہ سیمینار منعقد کیا جائے بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

شعائر اسلام تحفظ ختم نبوت ناموس صحابہ کی دفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہے' قاری رحمت اللہ

جمعیت علماء اسلام نظریاتی اکابر علماء دیوبند کے مشن کی امین جماعت ہے

منچر (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے رہنماؤں قاری رحمت اللہ میر مبارک خان ڈاکٹر سراج احمد شیر جان رودینی قاری محمد حاشم لاکھو حافظ صالح محمد فضل رحمانی و دیگر نے شہوتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی اکابر علماء دیوبند کے مشن کی امین جماعت ہے فکر شاہ ولی اللہ لکر پوری دنیا پر چھا جانیگے شعائر اسلام تحفظ ختم نبوت ناموس صحابہ کی دفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہے وطن عزیز مملکت خداداد پاکستان میں اسلامی بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

پاکستانی فوج پاکستان کا سرمایہ ہے جو ملکی سلامتی کے لیے نہایت اہمیت کی حامل ہے' سید احسان احمد شاہ

چیرودین (نامہ نگار) پاکستان فیڈریشن آف میڈیا کونسل تحصیل صحت پور کے نائب صدر سید احسان احمد شاہ جنرل سیکریٹری ریاض حسین گولہ جوائنٹ سیکریٹری شفقت علی داہو نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پاکستانی فوج پاکستان کا سرمایہ ہے جو ملکی سلامتی بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

مادرے وطن میں بہادر جوانوں کی قربانیوں کی تاریخ طویل ہے' آفتاب عالم

قیام پاکستان سے لیکر آج تک ملک و قوم کی خاطر بہادر سپوتوں نے لازوال قربانیاں دی ہیں

کوہلو (ش ن) کوہلو میں یوم دفاع کی مناسبت سے شہید جہانگیر مری کے مزار پر تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سید طلحہ شاہ، کمانڈنٹ ایف سی میونڈ رائفل آفتاب عالم، ونگ کمانڈر ایف سی کرنل محمد، تحصیلدار گرینی علی مرتضیٰ مری سمیت ضلعی آفیسران، شہید بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

ملکی سلامتی کیلئے شہداء کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں' صاحبزادہ محمد بلال سلیم قادری

کوئی بھی ملک پاکستان کے حوالے سے کسی بھول میں نہ رہے ملکی سلامتی پر کسی قسم کی آنچ نہیں آنے دیں گے

نکانہ صاحب (این این آئی) سربراہ سنی تحریک علامہ مولانا صاحبزادہ محمد بلال سلیم قادری نے کہا ہے کہ یوم دفاع کا دن ملکی تاریخ میں نہایت اہمیت کا حامل ہے اس دن بھارت ہماری سرحدوں پر رات کے اندھیرے میں حملہ کر کے یہ بھول گیا کہ وطن عزیز کے سپاہی ملکی دفاع کیلئے بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

کوئٹہ تحریک نوجوانان پاکستان ملک صدیق اللہ کاسی و دیگر یوم دفاع کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

پاکستانی فوج نے جذبہ ایمانی سے 1965 کی جنگ میں دشمن کا مقابلہ کیا' ڈاکٹر دوست محمد بلوچ

ہماری دلیر فوج نے ہمیشہ ملک کی حفاظت کی ہے جس کی بدولت ہم سکون کی نیند سو رہے ہیں

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان کوسٹ گارڈ زون بالیسن اوتھل میں یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں ہندو کرشنا ویلفیئر سوسائٹی کے طلباء و طالبات نے ٹیبلو، تقاریری مقابلے اور ملی نغمے پیش کئے اس پروقار تقریب کے مہمان خصوصی لسبیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر دوست محمد بلوچ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی فوج نے جذبہ ایمانی سے 1965 کی جنگ میں دشمن کا مقابلہ کیا اور اس بزدل دشمن کو ایسا سبق سکھایا کہ بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

جام خاندان کے خلاف جو الفاظ استعمال کیے ہیں اس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں

جام خاندان نے کبھی بھی ضلع لسبیلہ کی عوام پر کوئی ظلم نہیں کیا' سردار غلام فاروق شیخ

اوتھل (نامہ نگار) ممبر قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے جام خاندان کے خلاف جو الفاظ استعمال کیے ہیں اس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں، جام خاندان نے کبھی بھی لسبیلہ کے عوام پر کوئی ظلم و ستم نہیں کیا جام خاندان نے لسبیلہ کی عوام کو ہمیشہ پیار و محبت دی ہے، ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سردار غلام فاروق شیخ نے سردار رسول بخش بروہی رہائشگاہ اوتھل میں پریس کانفرنس سے بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

حب ریور پل کو کوئی خطرہ نہیں اس کے ستون مضبوط ہے' شاہد احسان اللہ

حب ریور پل نیشنل ہائی وے کے قیام سے قبل 1962 میں بنا ہے اور بہت پرانی پل ہے

حب (پ ر) نیشنل ہائی وے اتھارٹی ساؤتھ بلوچستان کے ممبر شاہد احسان اللہ نے کہا ہے کہ حب ریور پل کو کوئی خطرہ نہیں اس کے ستون مضبوط ہے پل اپنی ساخت کے اعتبار مستحکم ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے حب ریور پل کے دورے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ سول انجینئر ڈاکٹر محمد اقبال اور دیگر تھے شاہد احسان اللہ نے کہا کہ حب ریور پل نیشنل ہائی وے کے قیام سے قبل 1962 میں بنا ہے

تبدیلی سرکار کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے' حاجی خان محمد بزنجو

عوام کیسی بھی حالت میں موجود حکمران سے نجات چاہتے ہیں' ممتاز قبائلی شخصیت

کوئٹہ (پ ر) ممتاز قبائلی شخصیت نیشنل پارٹی بلوچستان کے رہنما حاجی خان محمد بزنجو نے چیئرمین آصف علی زرداری اور میاں شہباز شریف کی ملاقات کو بڑا بریک تھرو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اب عمران خان حکومت کے دن گنے جا چکے ہیں تبدیلی سرکار کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے اپوزیشن جماعتیں جلد ایک پیج پر ہونگی حالیہ سیاسی گرما گرمی پر تبصرہ کرتے ہوئے حاجی خان محمد بزنجو نے کہا بقیہ نمبر69 صفحہ 3 پر

ژوب کے مقامی قبرستان میں دفنانے کی گنجائش کم متبادل قبرستان نہیں، عوامی و سماجی حلقے

عوام پریشانی سے دوچار حکومت نیا قبرستان کی زمین کیلئے ہنگامی بنیادوں پر فنڈز کی منظوری دی جائے

ژوب (این این آئی) ژوب کے مقامی قبرستان میں دفنانے کی گنجائش کم متبادل قبرستان نہیں عوام پریشانی سے دوچار حکومت نیا قبرستان کی زمین کیلئے ہنگامی بنیادوں پر فنڈز کی منظوری دی جائے ان خیالات کا اظہار عوامی و سماجی حلقوں نے میڈیا سے بیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ژوب کا مقامی قبرستان شہر کے درمیان واقع ہے جبکہ مذکورہ زمین کلی اچوزئی مندوخیل ژوب بقیہ نمبر70 صفحہ 3 پر

ملک کے دیگر شہروں کی طرح سکھر میں چھ ستمبر یوم دفاع، قومی جذبے کیساتھ منایا گیا

مذہبی، شہری، سیاسی، سماجی تنظیموں کی جانب سے ریلیوں، سیمنار و تقریبات کا انعقاد، افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا گیا

سکھر (این این آئی) ملک کے دیگر شہروں کی طرح سکھر میں چھ ستمبر یوم دفاع قومی جذبے کیساتھ منایا گیا مذہبی، شہری، سیاسی، سماجی تنظیموں کی جانب سے ریلیوں، سیمنار و تقریبات کا انعقاد، افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا گیا رہنماؤں کی جانب سے ملک کے لیے کسی بھی قسم کی قربانی دینے سے گریز نہ کرنے کا عزم، تفصیلات کے مطابق ملک کے دیگر شہروں کی طرح سکھر میں بھی چھ ستمبر (یوم دفاع) قومی جذبے کیساتھ منایا گیا۔

حب' سندھ و بلوچستان کو ملانے والی حب ندی پل کے پلرز کی خستہ حالی کے مختلف مناظر

ملک و قوم کے لئے یوم دفاع تاریخ کا شاندار اور یادگار دن ہے' درچین مری

پاک افواج دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنانے کے لئے تیار ہے

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی سینئر رہنما محترمہ درچین مری نے کہا کہ شہیدوں کے لہو سے روشن امن خوشحالی کے چراغ کی حفاظت کے لئے بلوچستان عوامی پارٹی کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگی 6 ستمبر ہمیں قربانی کی وہ مثال یاد دلاتا ہے جب دشمن نے پاکستان پر خاموشی سے حملہ کیا مگر پاک افواج کے بہادر جوانوں محب وطن شہریوں نے دشمن کے حملے کو ناکام بنا کر ثابت کر دیا بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

گڑھی خیرو تحصیل بھر میں بارش کے پانی نے تباہی مچادی

گڑھی خیرو (نامہ نگار) گڑھی خیرو تحصیل بھر میں بارش کے پانی نے تباہی مچادی، فصلیں، گھر، رابطہ سڑکیں اور قبرستان بھی زیر آب آگئے، ملیریا سمیت وبائی سمیت وبائی امراض پھیلنے کا خطرہ، ضلعی انتظامیہ اور منتخب نمائندوں نے حال تک بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

موسم گرما میں ہی گیس کا پریشر ختم ہو چکا ہے' کاشف حیدری

کوئٹہ (این این آئی) سماجی کارکن اور مومینٹ گروپ کے ڈائریکٹر کاشف حیدری نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بنیادی سہولیات کا فقدان بلوچستان کیلئے معمول بن چکا ہے صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہیں۔ آئے روز عوام کو بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہیں اور بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

یوم دفاع منانے کا مقصد وطن عزیز کیلئے جانوں کا نذرانہ دینے والے کو خراج تحسین پیش کرنا ہے' میر محمد اشرف مینگل

پاک فوج اور دیگر ریاستی اداروں کے ملک اور قوم کے لیے بے مثال قربانیں ہیں

مچھ (نامہ نگار) نصیر آباد کے سیاسی و سماجی ہر دلعزیز شخصیت میر محمد اشرف مینگل نے کہا ہے کہ قوم چھ ستمبر کو ہمیں پاکستان سے پیار ہے کے عنوان سے بڑے جوش و خروش کے ساتھ منائیں کیونکہ چھ ستمبر ملک کی تاریخ میں اہم حیثیت رکھتا ہے یوم دفاع منانے کا مقصد وطن عزیز کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے پاک افواج اور سیکورٹی فورسز کے شہید جوانوں کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنا ہے میر محمد اشرف مینگل نے کہا کہ پاک فوج اور دیگر ریاستی اداروں کے ملک اور قوم کے لیے بے مثال قربانیں ہیں تحسین کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ چھ ستمبر یوم دفاع کے موقع پر میرا پیغام ہے کہ وطن عزیز سے محبت اور یکجہتی کا شاندار مظاہرہ کرنا ہے انہوں نے کہا کہ پاک افواج ہر بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

ہمارے وطن عزیز کی طرف اٹھنے والی ہر آنکھ کو ہم نکال سکتے ہیں خالق ہزارہ

ہمیں تفرقات، تعصب اور نفرتوں کو ختم کرنا ہوگا ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والوں کو اپنے شعبے میں بہترین کارکردگی دکھانا ہوگی

مستقبل میں بھی اس سے زیادہ ہمارے شہر اور صوبے کے جوان ملک کی دفاع اور تعمیر و ترقی میں صف اول کا کردار ادا کریگے' صوبائی مشیر کھیل و ثقافت

کوئٹہ (ش ن) یوم دفاع تجدید عہد کا دن ہے اور آج ہمیں شہداء ملک سے عہد کرنا ہوگا کہ جس طرح شہداء نے بہادری سے مادر وطن کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اسی طرح ہمارا بھی یہ فرض بنتا ہے کہ ملک کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہم سب کو مل جل کر مخلصانہ کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے اداروں کو بھی مضبوط بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار تقریب کے مہمان خصوصی صوبائی مشیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ نے محکمہ کھیل امور نوجوانان کے زیر اہتمام منعقدہ تقریری مقابلوں کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صدر محفل چیف آف اسٹاف صدرن کمانڈ میجر جنرل داؤد، سیکرٹری کھیل عمران بگٹی اور بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محسن سید فاروق شاہ 6 ستمبر یوم دفاع کے حوالے سے نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

یوم دفاع کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ہی میں پہلی بار 650 فٹ لمبا سبز ہلالی قومی پرچم بنایا گیا

قومی پرچم کو ہاتھوں میں تھامے سینکڑوں افراد نے شہر کے مختلف شاہراہوں پر ریلی کی صورت میں گھمایا

سبی (نامہ نگار) علی مسلم لیگ سبی کے جانبر مین میر سلیم خان مرغزانی کی جانب سے یوم دفاع کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ہی میں پہلی بار 650 فٹ لمبا سبز ہلالی قومی پرچم بنایا گیا قومی پرچم کو ہاتھوں میں تھامے سینکڑوں افراد نے شہر کے مختلف شاہراہوں پر ریلی کی صورت میں گھمایا پرچم ریلی ساتی چوک پر پہنچی روڈ پر سبز ہلالی پرچم دید کے قابل تھی وہاں پہنچ کر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ رات کے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ہندوستانی فوج نے لاہور پر حملہ کر دیا بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

عالمی ایجنڈے کے تحت پاکستان میں ایک بار پھر فرقہ واریت اور خانہ جنگی کا ماحول پیدا کیا جا رہا ہے' مولانا غلام قادر قاسمی

پاکستان اور ختم نبوۃ آئین پاکستان کی حفاظت ہمارا ایمان کا حصہ ہے 6 ستمبر یوم دفاع ہے

اوتھل (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام لسبیلہ کی ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں جامعہ مدینہ اوتھل میں زیر صدارت مرکزی نائب امیر مولانا غلام قادر قاسمی منعقد ہوا کرونا وائرس میں تنگیکی کا موں کے بعد جمعیت علماء اسلام کا باقاعدہ تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے کے حوالے سے پہلا مجلس عمومی کا اجلاس تھا اجلاس میں ضلع بھر کے اراکین عمومی نے شرکت کی اجلاس میں تنظیمی اور بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

سینڈک کے ملازمین کو جبری طور کو رخصت کر کے انہیں ان کے آئینی حق سے محروم کیا جا رہا ہے' کاظم بلوچ

توکنڈی (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی تحصیل توکنڈی تحصیلات کے صدر کاظم بلوچ نے پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا کہ سینڈک کے ملازمین کو جبری طور کو رخصت کر کے انہیں ان کے آئینی حق سے محروم کیا جا رہا ہے اور اس وقت سینڈک پروجیکٹ میں قرون وسطیٰ کی غلامانہ و جابرانہ پالیسیز جاری ہیں۔

6 ستمبر کا دن وطن عزیز کے دفاع کیلئے عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے' سید فاروق شاہ

کوئی بھی قوم اپنے دفاع سے غافل نہیں رہ سکتی' دفاع جتنا مضبوط ہو قوم بھی اتنی ہی شاندار اور مضبوط ہوتی ہے

چمن (ش ن) ستمبر کا دن وطن عزیز کے دفاع کیلئے عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) قلعہ عبداللہ چمن سید فاروق شاہ 6 ستمبر یوم دفاع کے حوالے سے منعقدہ تقریب اور ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کوئی بھی قوم اپنے دفاع سے غافل نہیں رہ سکتی۔ دفاع جتنا مضبوط ہو قوم بھی اتنی ہی شاندار اور مضبوط ہوتی ہے۔ 6 ستمبر 1965ء کی جنگ پاکستانی قوم کیلئے ایک وقار اور لازوال استقلال کا استعارہ ہے۔ اور جنگ میں پاک فوج نے ملک کی بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

چاغی کے سی ایم اسکالرشپ کو کرپشن کی نظر نہیں ہونے دیں گے' بی ایس او پجار

چاغی (آن لائن) بی ایس او پجار دالبندین زون کے ترجمان نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ چاغی کے سی ایم اسکالرشپ کو کرپشن کی نظر نہیں ہونے دیں گے انہوں نے کہا کہ چاغی میں سی ایم اسکالرشپ میں حق دار اور میرٹ پہ آئے ہوئے طلباء و طالبات کا نام شامل نہ کرنا طلباء کے ساتھ زیادتی ہے سی ایم اسکالرشپ میں والد کو سرکاری ملازم ہونے کا جواز پیش کر کے انہیں اسکالرشپ سے محروم کیا جا رہا ہے بہت سے ایسے طلباء و طالبات بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

پاکستان کا یوم دفاع درحقیقت یوم وفا ہے' محمد ناصر اقبال خان

ہم وطن پر فدا ہوتے رہیں گے' رضا ایڈووکیٹ، تنویر خان، وسیم قریشی، سلمان پرویز، اشفاق کھرل، فیصل پاشا

65 والے جذبے زندہ ہیں' سلطان بٹ، کامران بازئی، سرفراز نیازی، جمیل گوندل، یونس میمن، شکیل اعوان

لاہور (پ ر) انٹرنیشنل پیپلز رائٹس موومنٹ کے مرکزی صدر محمد ناصر اقبال خان، سیکرٹری جنرل محمد رضا ایڈووکیٹ، سینئر نائب صدر تنویر خان، خرم وسیم قریشی ایڈووکیٹ، سلمان پرویز، محمد اشرف عاصی ایڈووکیٹ، مرکزی چیف آرگنائزر اشفاق احمد کھرل ایڈووکیٹ، آرگنائزر محمد فیصل پاشا، نائب صدور ملک شکیل اعوان، ناصر چوہان ایڈووکیٹ، ممتاز اعوان، محمد شاہد محمود، مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل سلطان حسن بٹ، صدر پنجاب محمد یونس ملک، سینئر نائب صدور میر محمد سلیم رانا فیاض بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

کرپشن رشوت اور سفارش کلچر کو ختم کر کے میرا کوئٹہ کو کراچی بنانا ہوگا' سردار یعقوب خان ناصر

پاکستان ایک ناقابل شکست ملک ہے اور ہمارے پاس دنیا کی بہادر فوج اور ایٹمی صلاحیت موجود ہے

چھ ستمبر کے دن کو منانا دراصل ہمیں اپنے بہادر فوجیوں جنہوں نے جام شہادت نوش کیا' سینیٹر

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹر کے سیاٹنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یع